اشاعت خاص پیام صحت لائل پور

جمیل احمد شرقپوری
ذخیرہ
لاہور پاکستان

# پیٹنٹ ادویہ سے علاج

بابت ماہ اپریل ۱۹۵۹ء

★

قیمت :- ایک روپیہ چار آنہ

Marfat.com

Marfat.com

ط ۲ ۱۱

ماہنامہ پیام صحت برائے اپریل سنہ ۱۹۵۸ء

# پیٹنٹ ادویہ سے علاج

اس کتاب میں

تمام امراض کی ماہیت ۔ امراض کے لیے پیٹنٹ دوائیں دواساز اداروں کے نام اور ان کے پاکستانی ایجنٹوں کے نام پتے دیئے گئے ہیں۔

مرتبہ

حکیم و ڈاکٹر محمد یونس خاں
بدۃ الحکماء، ایم ڈی ایچ بی

شمس الاطباء حکیم غلام نبی صاحب
ایم اے

نظر ثانی

ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب ایم بی ۔ بی ایس

ناشر

ادارہ پیام صحت رجسٹرڈ طارق آباد لائل پور

جلد ۹ شمارہ ۴ قیمت ایک روپیہ چار آنے

Marfat.com

# مطبوعات طبی

60654

| (لطف زندگی) | | | |
|---|---|---|---|
| ہوم ڈاکٹر | -/۶ | سلفائی علاج | ۲/۴ |
| میٹریا میڈیکا اردو | -/۱۰ | تشخیص و تجویز مسیح الملک | ۲/۸ |
| کمپونڈرز کا گائیڈ | ۵/۱۲ | تصنیفات حکیم غلام نبی صاحب ایم۔ اے | |
| پری سکرپشن بک | -/۷ | جدید دستور علاج | -/۱۶ |
| مڈوائفری | ۵/۱۲ | انجکشن فارماکو پیا | ۳/۸ |
| علم و فن تشخیص | -/۸/۴ | وٹامن تھراپی | -/۲ |
| جراحیات صغیرہ | -/۷ | ماڈرن ڈرگز | ۲/۴ |
| انجکشن تھراپی | -/۸/۴ | میڈیکل انفرمیشن | -/۳ |
| علم الجیاتین | -/۳ | پیٹنٹ ڈرگز | -/۸ |
| پنسلین | -/۲ | ڈاکٹری آلات | -/۲ |
| کشتہ جات اکسیری | -/۴ | مجربات ذیابطیس | ۸/ |
| جنسی امراض | -/۵ | رسالہ قبض | -/۱ |
| کتاب المرکبات | -/۵ | مفید مسہلات | ۱/۴ |
| کتاب المفردات | -/۵ | امراض النساء ہومیوپیتھی | -/۱۲/۱ |
| شربت و سکوئیش | -/۴/۱ | اسرار النبض | ۳/۸ |
| | | جدید بائیو کیمسٹری | ۸/ |

ملنے کا پتہ :- مکتبہ پیام صحت طارق آباد لائل پور۔

Marfat.com

# پیش لفظ

پیٹنٹ ادویہ کے موضوع پر مارکیٹ میں متعدد کتابیں موجود ہیں۔ لیکن ان میں سے بعض کتب اس قدر گراں ہیں کہ عام قاری انہیں خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ بعض مختصر رسالے بھی اس موضوع پر موجود ہیں۔ لیکن ان میں نقص یہ ہے۔ کہ ان کے مرتبین زبان پر عبور نہ رکھنے کے باعث ابہام مطالب میں کلی طور پر قاصر رہتے ہیں۔ مثلاً ایک ڈاکٹر صاحب نے اپنے رسالہ میں اس موضوع پر خاصی کاوشش کا ثبوت دیا ہے۔ لیکن چونکہ ڈاکٹر موصوف اردو زبان سے کلی طور پر نابلد واقع ہوئے ہیں۔ اس لیئے وہ کہنا کچھ چاہتے ہیں۔ اور کہہ کچھ جاتے ہیں۔ بعض مقامات پر ان کی انگریزی نما اردو پڑھ کر ہنسی بھی آتی ہے۔ اور رونا بھی ہم حیران ہیں۔ جو لوگ صحیح اردو لکھنا بھی نہیں جانتے آخر وہ مصنف بننے کی سعی لاحاصل کے در پے کیوں ہوتے ہیں۔

موجودہ کتابچہ معمولی پڑھے لکھے احباب کے لیئے ترتیب دیا جا رہا ہے۔ اس لیئے امکانی حد تک زبان عام فہم استعمال کی گئی ہے۔ ادویہ کی ترتیب امراض کے لحاظ سے دی گئی ہے۔ اس طرح یہ کتاب نہ صرف پیٹنٹ ادویہ ہی کے بیان تک محدود ہے۔ بلکہ اس کی مدد سے قاری امراض کے متعلق بھی خاصی معلومات فراہم کر لیتا ہے۔

کتاب میں صرف ان ادویہ ہی کا ذکر کیا گیا ہے۔ جو عام طور پر مارکیٹ میں دستیاب ہوتی ہیں نیز غیر ملکی دواساز اداروں اور ان کے پاکستانی ایجنٹوں کے مکمل پتے بھی شائع کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ جو احباب ادویہ کے کاروبار کے خواہشمند ہوں۔ ان کو مکمل معلومات کے حصول میں آسانی ہو جائے

Marfat.com

## انجکشن فارماکوپیا باتصویر

طبع سوم

مصنفہ حکیم غلام نبی صاحب ایم ۔ اے

اس کتاب میں انجکشن لگانے کے مکمل طریقے مع جملہ ہدایات درج ہیں۔ برٹش فارماکوپیا کے تجویز کردہ انجکشن اور موجودہ زمانے کی خاص ایجادات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ امراض کی تشریح اور ان کا علاج بذریعہ انجکشن بہترین پیرایہ میں پیش کیا گیا ہے۔ جدید ایڈیشن میں نہایت مفید اور ضروری اضافات کے علاوہ... ہومیوپیتھک، آیورویدک اور یونانی انجکشن بھی بیان کیے گئے ہیں۔ جن کی ترکیب تیاری دوسری کتابوں میں درج ہیں۔ قیمت ۸/۲

## لب المجربات

جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسن خاں صاحب مرحوم کی لاجواب تصنیف۔ جس میں امراض کی تشخیص۔ آسان علاج اور ایسے ایسے بے نظیر خاندانی مجربات کو بلا بخل پیش کیا گیا ہے۔ جس کی نظیر ملنی دنیا میں موجود نہیں اس کتاب کے مطالعہ سے معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی بڑی بڑی پیچیدہ بیماریوں کا علاج نہایت آسانی سے کرسکتا ہے۔ قیمت ۔/۳ روپے

## ناصر فارماکوپیا

مصنفہ حکیم ناصر ملک ایڈیٹر پیام صحت لائل پور طب قدیم و جدید کے مرکبات مجربات کا نادر مجموعہ ۔/۲

## صابری بیاض

حکیم علم الدین بھاگو والیہ کے عجیب و غریب مجربات کا نایاب ذخیرہ۔ قیمت ۔/۵ روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ پیام صحت طارق آباد لائل پور

Marfat.com

# پیٹنٹ ادویہ تیار کرنیوالے اداروں اور ان کے ایجنٹوں کے نام اور پتے

| ادارہ | ایجنٹس |
|---|---|
| ۱- امپیریل کیمیکل انڈسٹریز (آئی۔ سی۔ آئی) مانچسٹر انگلینڈ۔ | ۱:- امپیریل کیمیکل انڈسٹریز پاکستان لمیٹڈ پوسٹ بکس نمبر ۴۷۳۱ کراچی بنک سکوئر۔ مال روڈ۔ لاہور۔ |
| ۲:- آرگنے نان لیبارٹریز لمیٹڈ۔ برتھن ہیم ہاؤس۔ لنکاسٹر پلیس۔ لنڈن ڈبلیو سی-۲ | ۲:- مارٹن اینڈ ہیرس پاکستان لمیٹڈ لیکھارک پیٹرس۔ ماچھی میانی روڈ۔ کراچی۔ |
| ۳:- ایبٹ لیبارٹریز۔ نارتھ شکاگو الی نائس۔ امریکہ۔ | ۳:- ایبٹ لیبارٹریز پاکستان کراچی پوسٹ آفس بکس ۷۲۲۹ (پی او بکس ۳۶۳۔ لاہور۔) |
| ۴:- ایلن اینڈ ہنری۔ بیتھونال گرین۔ لندن ای۔ ۲ | ۴:- سپنسر اینڈ کو پاکستان۔ پوسٹ بکس نمبر ۵۹ میکلوڈ روڈ۔ کراچی |
| ۵:- لِلی اینڈ کو انڈیانا پلیس۔ ۱۶ انڈیانا۔ یو ایس اے۔ | ۵:- وی جی اینگلو بھائی کارپوریشن لمیٹڈ پوسٹ بکس نمبر ۸ نادر ہاؤس میکلوڈ روڈ کراچی۔ میسرز ملک ٹریڈنگ کمپنی ۱۸ سعید منزل۔ انارکلی۔ لاہور۔ |
| ۶:- ای۔ مرک۔ ڈارم شٹاٹ جرمنی | ۶:- ۱۳ سعید منزل ۱۸۷ انارکلی لاہور |
| ۷:- اینگلو فرنچ ڈرگ کمپنی (اے ایف ڈی) لمیٹڈ ۱۱-۱۲ گوئل فرنڈ سٹریٹ لندن ڈبلیو سی ۱ | ۷:- الیکٹرک نیشنل ماچھی۔ میانی روڈ کراچی نمبر ۲ پوسٹ بکس نمبر ۲۵۷ |
| ۸:- ایوانز میڈیکل سپلائز کمپنی لمیٹڈ | ۸:- ایوانز میڈیکل سپلائیز لمیٹڈ |

Marfat.com

ادارہ

رولی سلیپ مڈل سیکس ۔ انگلینڈ

۹:- بائر لیورکیوسن ۔ جرمنی

۱۰:- برٹش ڈرگ ہاؤس گراہم سٹریٹ
سٹی روڈ۔ لندن این انگلینڈ

۱۱:- برٹش سیٹرنگ لندن ۱۸ انگلینڈ
۳۱-۲۹ کین سنگٹن ہائی سٹریٹ

۱۲:- بروویلکم اینڈ کو۔ دی ویلکم
فونڈیشن لمیٹڈ۔ لندن

۱۳:- بوٹس ۔ نوٹنگھم ۔ انگلینڈ

۱۴:- پارک ڈیوس اینڈ کو۔ ڈیٹرایٹ
مچیگان امریکہ (ہون سلو۔ لندن)

۱۵:- ٹی سی ایف لمیٹڈ بمبئی

۱۶:- جی پی ۔ سڈنی ۔ آسٹریلیا

۱۷:- جی ۔ ڈبلیو ۔ کارنرک کو
نی وارک ۱۔ نیو جرسی امریکہ
۲۰ موٹ بلیزنٹ اے وی نیو
ایجنٹس ۔ مڑ اینڈ فیس ۔ کراچی و لاہور

ایجنٹس

پوسٹ بکس نمبر ۵۰۲۲ کراچی ۲۔

۹:- (ا) ایس جے اینڈ جی فضل ہلی
رباؤتھ نیپئیر روڈ کراچی
(ب) ڈوڈھیز ایجنسیز ۔ میکلوڈ روڈ لاہور

۱۰:- ہلبس اینڈ کو۔ پوسٹ بکس نمبر ۳۱۱ کراچی

۱۱:- ٹیمپل براورز پاک، پوسٹ بکس نمبر ۲۲۳
کراچی

۱۲:- جے ایل موریسن اینڈ جونز۔
نادر ہاؤس میکلوڈ روڈ کراچی۔

۱۳:- محل فروٹ فارم ۔ رینالہ خورد
ضلع منٹگمری (مغربی پاکستان)

۱۴:- میسرز ہلبس اینڈ کو
صدر ۔ کراچی

۱۵:- سیر علی محمد اینڈ سنز ۔ بورہ بھائی
لوہیا بلڈنگ ۔ بندر روڈ کراچی

۱۶:- ہل الیوٹ اینڈ کو لمیٹڈ ۔ کراچی

Marfat.com

| ایجنٹس | ادارہ |
| --- | --- |
| ۱۸۔ ٹریڈنگ کمپنی لیبرٹ ہیسٹ اینڈ کو لمیٹڈ۔ پوسٹ بکس ۹۰۵ آدم جی چیمبرز میکلوڈ روڈ کراچی ۴ دیال سنگھ منشن ۹ مال لاہور | ۱۸:۔ ڈگرا لمیٹڈ۔ ڈانی من۔ امیرسڈیم انٹ وسپ۔ ہالینڈ |
| ۱۹۔ ایسٹ ایشیاٹک کمپنی لمیٹڈ ۸ ویسٹ وہارف روڈ کراچی | ۱۹۔ ڈیرامیکس۔ ڈنمارک |
| ۲۰۔ شیر علی محمد اینڈ سنز بندر روڈ کراچی | ۲۰:۔ ڈیپاکوس بریٹ اینڈ کو۔ والی ممبئی |
| ۲۱: والکرٹ برادرز۔ کراچی، لاہور | ۲۱:۔ روشے ایف ہاف مین۔ لا روشے اینڈ کو لمیٹڈ۔ بے سل۔ سوئٹزرلینڈ |
| ۲۲۔ فارماکو لمیٹڈ ۱۴ اوڈ سٹریٹ کراچی ۲ پوسٹ بکس ۱۵۲ | ۲۲۔ سائی لیگ رشاٹ ہاؤس سوئٹزرلینڈ |
| ۲۳۔ ایچ محمد اسحاق اینڈ دوست محمد پوسٹ بکس ۴۵۲۲۔ کراچی | ۲۳:۔ سٹرلے اینڈ کو پوسٹ بکس نمبر ۵۱۱ شکاگو ۱۸۰ الی نائس امریکہ |
| ۲۴۔ سروس اینڈ سیلس لمیٹڈ [illegible] محمد میانی پوسٹ بکس ۴۶۲ کراچی ۲ | ۲۴۔ سکوئب میڈیکل ڈیپارٹمنٹ ۱۶۔۱۸ اولڈ بانڈ سٹریٹ۔ لندن، ڈبلیو ۱۔ |
| ۲۵۔ سیبا پاکستان لمیٹڈ ڈیپارٹمنٹ میکلوڈ روڈ کراچی۔ | ۲۵۔ سیبا لمیٹڈ بے سل سوئٹزرلینڈ |
| ۲۶:۔ شانیلمنس پاکستان لمیٹڈ میکلوڈ روڈ کراچی | ۲۶:۔ سینڈوز لمیٹڈ۔ بے سل سوئٹزرلینڈ |
| ۲۷:۔ والکرٹ برادرس۔ کراچی و لاہور۔ | ۲۷:۔ شارپ اینڈ ڈھومے۔ فلیڈلفیا ا۔ پی۔ اے۔ امریکہ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۲۸:- شیرنگ اے۔جی: برلن (جرمنی) | ۲۸:- اے فضل الٰہی اینڈ کمپنی۔ فیاض الدین سٹریٹ۔انار کلی لاہور |
| ۲۹:- فزر۔ اور سینز انک ۲۵ براڈ سٹریٹ نیو یارک ۴۔این وائی یو۔ایس۔اے | ۲۹:- اد فریٹ ٹریڈنگ کارپوریشن۔کراچی (پاک) |
| ۳۰:- کروکس لیبارٹریز لمیٹڈ پارک رائل۔این ڈبلیو نمبر ۱۰۔ لندن | ۳۰:- جان فلیمنگ بلڈنگ میکلوڈ روڈ کراچی۔ |
| ۳۱:- گلیکسو لیبارٹریز لمیٹڈ گرین فورڈ۔مڈل سیکس۔انگلینڈ | ۳۱:- گلیکسو لیبارٹریز (پاک) لمیٹڈ پوسٹ بکس نمبر ۳۴۔کراچی |
| ۳۲:- گی گی۔ایس۔اے ...سوئٹزرلینڈ | ۳۲:- دی [illegible] کارپوریشن لمیٹڈ نادر شاہ ہاؤس۔میکلوڈ روڈ کراچی |
| ۳۳:- لیڈرلے لیبارٹریز ڈویژن ۳۰ راک فیلر پلازا۔نیو یارک۔امریکہ | ۳۳:- سپنسر اینڈ کو ۱۸ ایمپریس روڈ لاہور |
| ۳۴:- لیپاٹٹ ایس اے میلانو۔اٹلی (ویا کارلو ٹنکا ۴۳) | ۳۴:- الائیڈ ٹریڈنگ کارپوریشن لمیٹڈ بندر روڈ کراچی، انار کلی لاہور |
| ۳۵:- مرزا اینڈ کو فرینکفرٹ۔۱۰۰۔۱۴۰۲ جرمنی | ۳۵:- این بی میٹر اینڈ کو ای ڈنشا بلڈنگ۔وڈ سٹریٹ کراچی نمبر ۲ |
| ۳۶:- مرک ۱۶۱ ایوی نیو آف امریکہ نیو یارک ۱۳ ایل ایس اے | ۳۶:- بارٹن ہیرس (پاک) لیمیٹڈ۔کراچی |
| ۳۷:- ......اے اینڈ بیکر لمیٹڈ ویگون ہیم۔انگلینڈ | ۳۷:- مے اینڈ بیکر۔بنک سکوائر دی مال لاہور |

Marfat.com

۳۸:- منلیے اینڈ جیمز لمیٹڈ۔ ۱۲۳ کولڈ ہار
جرلین۔ لندن ساﺋیس ای۔ انگلینڈ ۵۔

۳۹:- ناکس۔ لاس انجلز
کیلے فورنیا۔ یو ایس اے

۴۰:- وارنر۔ ولیم آر وارنر اینڈ کو
۱۱۳ ویسٹ۔ یاور روڈ۔ لندن ڈبلیو

۴۱- واٹھ جان وائتھ اینڈ برادرس
لیمیٹڈ۔ لندن

۴۲- وانڈر۔ ایس اے برن
سوئٹزرلینڈ

۴۳- دی۔ سی اے۔ نیویارک
۵ نیو جرسی۔ یو ایس اے

۴۴- دی سی زیمر

۴۵- ہرلنس فارموسیوٹیکل لیمیٹڈ
ویل: این گارڈن سٹی انگلینڈ

۳۶:- فارماکو لیمیٹڈ
۱۴ وڈ سٹریٹ۔ کراچی نمبر ۲

۳۷:- ملز اینڈ فیبس (پاک) لمیٹڈ
نیپیئر روڈ۔ کراچی۔

۴۰- مارٹن اینڈ ہیرس
پچھی میانی روڈ۔ کراچی نمبر ۲

۴۱- جیفری مینرز اینڈ کمپنی (پاک)
لیمیٹڈ لاہور اینڈ کراچی

۴۲- وانڈر فارمیسیوٹیکل دیپارٹمنٹ
گراہم ٹریڈنگ کمپنی پاکستان
پوسٹ بکس نمبر ۱۰ کراچی نمبر ۲

۴۳- فردوس ٹریڈنگ کمپنی کراچی
پنجاب ڈرگ ہاؤس ۲۴ نکلسن روڈ لاہور
عبدالستار سنز اینڈ کو
ساؤتھ نیپیئر روڈ۔ کراچی نمبر ۲

۴۵- گلینڈر آربتھنات
مال روڈ۔ لاہور

**پاک طبی فارماکوپیا**

یہ فارماکوپیا پنج اطبا کے بورڈ کی بے پناہ کاوش کا نتیجہ ہے۔ اس میں سر سے لے کر پاؤں تک تمام امراض کیلئے انتہائی مفید سہل الحصول اور سستے نسخہ جات دیئے گئے ہیں۔ کوئی نسخہ بھی غیر مفید ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ سائز ۲۲×۳۶ :: مکتبہ خزینہ حکمت ۹۳ میکلوڈ روڈ لاہور
قیمت ۸/-

Marfat.com

## امراض اور دوائیں

نوٹ:۔ اس باب میں امراض حروف تہجی کے مطابق دیئے گئے ہیں۔

**آتشک:** سفلس SPHILIS

مشہور متعدی مرض ہے۔ جو سپائرو کیٹا پلیڈا نامی جرثومہ کے باعث رونما ہوتا ہے۔ اس جرثومہ کو ڈاکٹر شاڈن نے ۱۹۰۵ میں دریافت کیا تھا۔ اس مرض کی چھوت عموماً جماع سے لگتی ہے۔ بسمتھ اور سنکھیا کے مرکبات کے علاوہ پینی سلین سے اس مرض کا شافی علاج کیا جاتا ہے۔

**بس گلوسول** (BISGLUSOL) ساختہ مے اینڈ بیکر۔ اس کے ایک سی سی کا ہفتہ وار عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔

**بسمو سٹیب** (BISMOSTAB) ساختہ بوٹس کمپنی۔ اسے ۲ گرام کی مقدار میں ہفتہ میں دو بار بذریعہ عضلاتی انجکشن استعمال کرایا جاتا ہے۔

**انجکشن آف بسمتھ** INJ. OF BISMUTH B.P

بسنٹول BISANTOL (مے اینڈ بیکر) کلور بسمول CHLORBISMOL (مے اینڈ بیکر) بس گلوکول۔ سوبٹیا (SOBITA) (رہاورڈ) وغیرہ بسمتھ ہی کے انجکشن ہیں جنہیں مختلف دوا ساز ادارے مختلف ناموں سے فروخت کر رہے ہیں۔ بسمتھ آتشک کے لیئے بہت مفید ہے۔ عام طور پر اسے سنکھیا کے ساتھ استعمال کرایا جاتا ہے۔ پہلے ایک ٹیکہ سنکھیا کا لگایا جاتا ہے۔ پھر بسمتھ کا انجکشن کیا جاتا ہے۔ اس کا گہرا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔ اس کے آبی محلول بذریعہ زیر جلد انجکشن بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔

**ایسی ٹل آرسن** ACETYLARSON ساختہ مے اینڈ بیکر۔ یہ سنکھیا کے انجکشن

Marfat.com

ہیں۔ بڑے آدمیوں کو ۳ سے ۵ سی سی کا ہفتہ میں دوبار اور بچوں کو ایک سے ۲ سی سی ہفتہ میں دوبار کا گہرا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔

آرسی نوکسائیڈ ARSENOXIDE ۔ ہفتہ میں دوبار بذریعہ وریدی انجکشن دس ہفتوں تک اور اس کے ساتھ ہی بسمتھ ہفتہ میں ایک یا دوبار بذریعہ وریدی انجکشن دیا جائے۔ اوسط وزن کے مرد کو ۴۔۰ گرام اور عورت کو ۰.۲ گرام دوا شروع میں دیں۔ انجکشن تیزی سے کریں۔ اگر دوا کے استعمال سے جی متلائے تو دوا کی مقدار کم کر دیں۔ یہ دوا آرسفینامین سے کم زہریلی ہے۔

نیو ہلارسین (NEO-HLARSINE) ساختہ مے اینڈ بیکر۔ یہ دوا مختلف کمپنیاں مختلف ناموں مثلاً مفارسائیڈ MAPHARSIDE ۔ مفارسین وغیرہ ناموں سے فروخت کر رہی ہیں۔

سلفارسی نول SULPHARSEOL ۔ یا سلفارسفینامین سم الفار کے ٹیکے ہیں۔ اس کی تعداد انجکشن ۶ سنٹی گرام سے ۹۰ سنٹی گرام تک بتدریج دی جاتی ہے۔ عام طور پر دوا کو ۲ سے ۵ سی سی آب مقطر میں حل کر کے وریدی یا گہرا عضلاتی ٹیکہ کیا جاتا ہے۔

نیو آرسفینامین NEOARSPHENA-MIN یہ نیوسالورسان کے انجکشن ہیں۔ ۰۱۵ گرام تا ۰۹۰ گرام ۵ سے ۱۰ سی سی آب مقطر میں حل کر کے ہفتہ میں ایک بار وریدی انجکشن لگایا جاتا ہے۔

پینی سیلین PENICILLIN ۔ اس مرض کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔ ۵ لاکھ یونٹ کرسٹلین پینی سیلین جی کو سٹیرائل ڈبل ڈسٹلڈ واٹر ۲ تا ۳ سی سی میں حل کر کے صبح اور رات عضلاتی انجکشن کریں۔ یا پینی سیلین سوڈیم سالٹ ۴۰ ہزار یونٹ کا ہر تیسرے گھنٹے دن رات میں ۸ بار عضلاتی انجکشن کریں۔ اگر سمی علامات

Marfat.com

رونما ہوں۔ تو نباڈرل استعمال کریں۔

آدھا سیسی۔ مائیگرین MIGRAINE اسے درد شقیقہ بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا نوبتی سر درد ہے۔ جس میں آدھا سر درد کیا کرتا ہے۔ اور جی متلایا کرتا ہے۔ مندرجہ ذیل مفید ہیں۔

ڈائی ہائیڈرو ارگوٹامین D.H.E.45 ساختہ سینڈوز۔ نصف گرام کا عضلاتی انجکشن کریں۔ بشرط ضرورت ایک یا دو گھنٹے بعد دوبارہ انجکشن کیا جا سکتا ہے۔ یہ دوا سمی اثرات سے پاک ہونے کے سبب ارگوٹامین ٹارٹریٹ سے اچھی سمجھی جاتی ہے۔

گائی نرجن GYNERGIN ساختہ سباکمپنی۔ یہ ارگٹ کا جوہر لطیف ہے $\frac{1}{2}$ سے ایک سی سی کا عضلاتی انجکشن کریں۔ $\frac{1}{4}$ ملی گرام کا زیر جلد انجکشن بھی لگایا جا سکتا ہے۔ ویراکولیٹ VERACOLATE ساختہ مارسی لیبارٹری۔ دو گولیاں رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ جگر کی خرابی سے لاحق ہونے والی چھپاکی اور شقیقہ کو نافع ہے۔

فیمرجن۔ FEMERGIN ساختہ سینڈوز۔ یہ دراصل ارگوٹامین ٹارٹریٹ ہی کا تجارتی نام ہے۔

آشوب چشم۔ CONJUNCTIVITIS۔ ز زمنہ۔ مشہور مرض ہے۔ اس میں پپوٹوں کے اندر کی جھلی اور آنکھ کے ڈھیلے کی سفید جھلی متورم ہو جاتی ہے۔ آنکھ سرخ ہو جاتی ہے۔ اس سے پانی بہتا ہے۔ جلن اور رڑک محسوس ہوتی ہے۔

سپرنال SUPRONAL۔ ساختہ بائر۔ اس مرہم کے ۵ گرام کے بند ٹیوب مارکیٹ میں ملتے ہیں۔ آنکھ کے چھوت دار امراض میں مفید ہے۔

سلفومل SULFOMYL ساختہ ونتھروپ۔ ۱۵ ملی لٹر کی شیشیاں ملتی

Marfat.com

ہیں۔ یہ دراصل سلفائیڈ ٹینزل امین پروپونیٹ کا (ا فی صد) کا محلول ہے۔

آئی مو EYE MO۔ ساختہ ونتھروپ سٹرنز۔ اس لوشن کے ایک دو قطرے آنکھ میں ٹپکانے سے درد کو تسکین ہو جاتی ہے۔

نیوسون NEOSONE۔ ساختہ اپ جون۔ اس مرہم کو رٹی زون ایسی ٹیٹ اور نیومائی سین سے تیار کیا جاتا ہے۔ آنکھ کی انتہائی سرائیوں کے لیے مفید ہے۔

بوروفیکس BOROFAX۔ ساختہ بروز ویلکم۔ ایک اونس کی بند ٹیوبوں میں بند یہ مرہم بورک ایسڈ اور ویزی لین سے تیار کی جاتی ہے۔ آشوب چشم میں اس کے استعمال سے پلکیں باہم چپکنے نہیں پاتیں

نی زین اپتھلمک آنٹمنٹ MIZIN. OPHTHALMIC. OINTMENT

ساختہ بروز ویلکم۔ ⅛ اونس کی ٹیوبوں میں بند یہ مرہم آشوب چشم اور گکروں کو مفید ہے۔

اوپٹولوشن OPTOLOTION۔ ساختہ ایبٹ۔ زنک سلفیٹ اور آب کافور کا یہ مرکب آنکھوں کی خراش کو خاص طور پر نافع ہے۔

کورٹی زون CORTISONE۔ ساختہ سبا۔ اس لوشن کے ایک دو قطرے تین تین گھنٹے بعد آنکھوں میں ٹپکائے جاتے ہیں۔

آنکھ کے پردے کی سوجن۔ IRITIS۔ اس مرض میں طبقہ عنبیہ (آئرس) میں سوجن ہو جانے سے بلا کا درد ہوتا ہے۔ اٹروپین سلفیٹ ۲ گرین اور ڈسٹلڈ واٹر ایک اونس ملا کر رکھ لیں۔ اور ایک ایک قطرہ چار چار گھنٹے بعد آنکھ میں ڈالیں۔ جب پتلی پھیل جائے۔ تو پھر دو بار کا استعمال بھی کافی ہوگا۔

آنتوں کے کیڑے THREAD-WORMS

انسانی جسم میں کئی قسم کے کیڑے پائے جاتے ہیں جن میں سے تین قسم کے

کیڑوں کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

کدو دانہ :- ٹیپ ورم TAPEWORM یہ کرم انسان کی چھوٹی آنتوں میں رہتا ہے۔ اور اوسطاً ۵ سے ۲۰ گز تک ہوتا ہے۔ یہ ٹوٹ ٹوٹ کر براز کے ساتھ خارج ہوتا رہتا ہے۔

کیچوے :- راؤنڈ ورم ROUNDWORM
ہر ایک کرم ۵ سے ۱۶ انچ تک لمبا اور ½ انچ تک موٹا ہوتا ہے۔ یہ بھی چھوٹی آنتوں میں رہتا ہے۔

چُرنے۔ تھریڈ ورم THREAD WORM ہر ایک کرم ⅟₁₂ سے ½ انچ تک لمبا ہوتا ہے۔ یہ عموماً اندھی آنت میں رہتا ہے۔ لیکن کبھی مقعد۔ اندام نہانی یا معدے میں بھی چلا جاتا ہے۔

عموماً پانی، گوشت، میوہ جات، سبز ترکاریوں اور ساگ پات کے ذریعہ کرموں کے انڈے پیٹ میں پہنچ کر مرض کا موجب ہوا کرتے ہیں۔ اب ہر ایک کے لیئے دوائیں ملاحظہ فرمائیں۔

ایکسٹریکٹ کمالا لیکوئڈ :- EXT. KAMALA. LIQ
یہ کمیلہ کا سیال خلاصہ ہے۔ اسے ایک تا تین ڈرام نہار منہ ہر تین گھنٹے بعد دیں۔ تین خوراکیں کافی ہوں گی۔ اس دوا کے بعد کسٹرائل کا جلاب ہرگز نہ دیں۔ یہ دوا کدو دانوں کے لیئے مفید ہے۔

ہیٹرے زان HETRAZAN یہ دراصل ڈائی ایتھل کاربامیزین ہے۔ یہ دوا بصورت اقراص و سیرپ دستیاب ہوتی ہے۔ اس کے اقراص بحساب چھ ملی گرام فی کلو وزن جسمانی دن میں صرف ایک بار دیا جاتا ہے۔ کیچوے کی عمدہ دوا ہے۔

Marfat.com

کرسٹوائیڈز، CRYSTOIDS ۔ ساختہ شارپ اینڈ ڈوم ۔ یہ دوا ٹیک ورم ٹیپ ورم اور راؤنڈ ورم کے لیئے یکساں موثر ہے ۔ اسے ہکسی رسارسنی نول سے تیار کیا جاتا ہے ۔ جوان آدمی کو ۲،۰ گرام کی ۵ گولیاں، ۸ سال سے ۱۲ سال کے مریض کو ۲،۰ گرام کی ۴ گولیاں اور چھوٹے بچوں کو ۱،۰ گرام ایک سے ۲ گولیاں حسب عمر نگلوادی جاتی ہیں ۔ ۲۴ گھنٹے کے بعد نمکین جلاب دیا جاتا ہے ۔ جس سے مردہ کرم خارج ہو جاتے ہیں ۔ دوا کے استعمال کے بعد ۴ گھنٹے تک کوئی غذا نہ کھلائیں ۔ پانی حسب ضرورت چاہے پی سکتے ہیں ۔ بعض طبیب اس کے استعمال سے ایک روز قبل میگنیشیا کا جلاب دینا ضروری خیال کرتے ہیں ۔

ایٹ مونل ATMONIL ۔ ساختہ بائر ۔ یہ دوا کھانے سے قبل نگلوادی جاتی ہے ۔ چنانچہ جوان آدمی کو ۳ گولیاں ۔ ۱۲ سال کے مریض کو دو گولیاں دن میں تین بار اور دو سال کے بچے کو ایک گولی روزانہ ۷ دن تک کھلائیں ۔ اگر ایک بار کے استعمال سے مکمل فائدہ نہ ہو ۔ تو چند دن کا وقفہ دے کر پھر اسی طرح استعمال کرائیں ۔ چرنوں کے لیئے مفید دوا ہے ۔

آکسی لان OXYLAN ۔ ساختہ بروز ویلکم ۔ یہ دراصل ڈائی سنے نن کا تجارتی نام ہے ۔ اس کے اقراص اور شربت ملتا ہے ۔ پرچہ ترکیب دوا کے ساتھ ہوتا ہے ۔ چرنوں کو مفید ہے ۔

اینٹے پر الکسیر ANTEPAR ELIXIR ۔ ساختہ بروز ویلکم یہ پیپرے زین ہائیڈریٹ کا مرکب ہے ۔ جو ۴ فلوئڈ اونس کی شیشیوں میں دستیاب ہوتا ہے ۔ ۹ ماہ سے ۲ سال کے بچے کو نصف چھوٹا چمچہ دن میں ۲ بار ۔ ۲ سے ۳ سال کے بچوں کو نصف چھوٹا چمچہ دن میں تین بار ۔ ۴ سال سے ۶ سال کے بچوں کو ایک چھوٹا چمچہ دن میں تین بار ۔ ۱۲ سال سے بڑی عمر والوں کو ایک بڑا

Marfat.com

چمچہ دن میں دو بار غرارے کے بعد دیں۔ علاج سات روز تک جاری رکھا جا سکتا ہے۔
چھوتوں اور کمپھوڑوں کے لیئے مفید دوا ہے۔ چار دن بعد نمکین جلاب دیا جاتا ہے۔

آگ یا گرم پانی سے جلنا BURNS AND SCALDS

ٹمنافیکس TANNAFAX ساختہ برزویکم۔ مقام سوختہ پر دوا لگا کر سوکھنے دیں۔ اور اوپر ڈھیلی پٹی باندھ دیں۔

پروپامیڈین کریم PROPAMIDINE CREAM ساختہ مے اینڈ بیکر تازہ تازہ جلے ہوئے مقام سوختہ پر حسب ہدایت لگائیں۔

ٹینی پیسٹ TANI PASTE ساختہ اپ جون۔ اس دوا میں ۱۰ فی صد ٹینک ایسڈ ہوتا ہے۔ حسب ہدایت مقام سوختہ پر لگائیں۔

امرٹان AMERTAN - ساختہ للی۔ یہ ٹینک ایسڈ کی جیلی ہے۔ عام طور پر مقام سوختہ پر اس کی ۱/۴ تا ۱/۸ انچ موٹی تہ جمادی جاتی ہے۔

سائیکلوفارم آئنٹ منٹ CYCLOFORM OINTMENT ساختہ باٹس۔ یہ مرہم درد کو تسکین دیتا۔ اور زخم کو جلد مندمل کرتا ہے۔

ٹینافلیوین جیلی TANNA FLAVINE JELLY یہ جیلی ٹینک ایسڈ اور ایکری فلیوین کا مرکب ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

نوپرکینال آئنٹ منٹ NUPERCAINALOINT ساختہ سیبا۔ یہ مرہم درد، جلن اور خارش کو مفید ہے۔ اسے زخم کو دھو کر لگاتے ہیں۔ یہ بواسیری مسوں اور انشقاق المقعد کو بھی مفید ہے۔ اس میں ایک فی صد نوپرکین ہوتی ہے۔ دن رات میں ایک اونس سے زیادہ ہرگز نہ لگائیں۔

آسٹیو ملیشیا OSTEOMALACIA - ہڈی کا نرم ہو جانا، لین العظام یہ مرض کمزور عورتوں کو ایام حمل اور رضاعت میں لاحق ہوا کرتا ہے۔ جس سے

Marfat.com

ہڈیاں نرم ہو کر ان میں درد ہونے لگتا ہے۔

سال پرن ٹیبلٹس SALPERN TABLETS ساختہ بوٹس

یہ گولیاں ڈائمن ڈی اور کیلسیم سوڈیم لیکٹیٹ سے تیار کی جاتی ہیں۔ اسے "تین" ٹکیاں دن میں ۲ یا ۳ بار پانی یا دودھ سے چبا کر کھلائی جاتی ہیں۔

اوسٹیلین OSTELIN ۱۵ منم صبح و شام پلائیں۔

کیلسی نول CALCINOL ساختہ رٹپاکوس۔ کیلسیم اور فاسفورس کا یہ مرکب گرینولز کی صورت میں ملتا ہے۔ اس کا ایک چھوٹا چمچہ یا ۱-۲ ٹکیاں غذا کے دو گھنٹہ بعد کھلائی جاتی ہیں۔

اوسٹیو کیلسیم OSTEOCALCIUM ساختہ گلیکسو۔ ۱تا۲ ٹکیاں کھلائیں۔

سٹیروگل ۱۵ STEROGYL-15 ساختہ رسل لیبارٹریز۔ ڈائمن ڈی کا یہ مرکب ان تمام امراض میں مفید ہے۔ جو کیلسیم کی کمی سے رونما ہوں۔ مثلاً گلا ح لین العظام۔ التہاب مفاصل وغیرہ۔ یہ براہ دہن و بذریعہ انجکشن مستعمل کیا ہے۔

فائی ٹین ٹیبلٹس PHYTIN TAB ساختہ سبا۔ فاسفورس کیلسیم اور میگنیشم کا یہ مرکب ہڈیوں کے نرم ہو جانے کو مفید ہے۔ چھوٹے بچوں کو حسب عمر ایک سے دو ٹکیاں روزانہ کھلاتے ہیں۔

ابرو کا درد۔ عصابہ۔ ٹرائی جمی نل نیورلیجیا

TRIGEMINAL NEURALGIA

دماغ کے پانچویں پٹھے کے ماؤف ہو جانے سے ابرو یا نصف چہرے میں شدید نوبتی درد ہوا کرتا ہے۔

کلورائی لین CHLORYLEN ساختہ ٹیونگ۔ یہ دراصل ٹرائی کلورایتھی لین کا تجارتی نام ہے۔ جسے ضرورت کے وقت ایک سی سی کی مقدار

Marfat.com

میں سونگھایا جاتا ہے۔ ۲۴ گھنٹوں میں ۳ سی سی سے زیادہ دوا استعمال نہ کریں۔
نیز دوا سونگھتے وقت رومال کو چہرے سے لگنے نہ دیں۔

**پلانوکین** PLANOCAIN ساختہ مے اینڈ بیکر۔ اس کے ۲ فی صد
محلول کا مقامی انجکشن لگانے سے مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

**اٹن** ۔ کارن CORN یہ ایک جلدی مرض ہے۔ جس میں پاؤں کے
انگوٹھے یا چھنگلی کے جوڑ کی جلد جوتے کے متواتر دباؤ سے سخت ہو جاتی ہے۔

**گیٹس اِٹ** GETS-IT ساختہ نیو یارک۔ یہ دراصل سیلی سلک ایسڈ کا
پلستر ہے۔ جسے رات کو سوتے وقت اٹن پر لگایا جاتا ہے۔ علاج عموماً ۳ سے
۶ دن تک جاری رکھا جاتا ہے۔ دوا کی شیشی کو ہمیشہ سرد جگہ پر رکھیں ورنہ دوا
ضائع ہو جائے گی۔

**احتلام** NOCTURNAL EMISSION مشہور جنسی مرض ہے۔
جس میں رات کو سوتے میں منی کا اخراج ہو جاتا ہے۔

**سیڈوبرول** SEDOBROL ساختہ ہن مین لاروشے۔ یہ دوا برومائیڈز
کی طرح مسکن اثرات کی حامل ہے۔ اسے دو کیوب کی مقدار میں ایک پیالہ گرم پانی
میں حل کر کے روزانہ پلایا جاتا ہے۔

**برومیورل** BROMURAL ۔ ساختہ آپ جان
یہ بھی مسکن اثرات کی حامل دوا ہے۔ اس کا ایک چھوٹا چمچہ ۲-۵ خوراکوں
میں تقسیم کر کے دیا جاتا ہے۔

**سیلکس نائیگرا** SALIX NIGRA ساختہ پارک ڈیوس کمپنی
یہ احتلام کے علاوہ سوزش غدہ قدامیہ کو بھی مفید ہے۔ اسے تنہا یا برومائیڈز
کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

برومیڈیا BROMIDIA ۔ ساختہ ٹیل

پوٹاسیم برومائیڈ۔ ایکسٹرکیٹ ہایوسائی مس۔ اور کلورل ہائیڈریٹ
اس کے اجزائے ترکیب ہیں۔ اسے نصف تا ایک چھوٹا چمچہ کی مقدار میں پلایا جاتا ہے

اختلاج القلب نوبتی PAROXYSMAL TACHY-CARDIA

مشہور قلبی مرض ہے جس کا دورہ چند منٹوں سے لے کر ایک دو گھنٹے تک رہتا ہے

سیڈی لے نڈ CEDILANID ساختہ سینڈوز۔ یہ ڈیجی ٹیلس
لینے ٹا کا جوہر موثرہ ہے۔ اس کے ایمپول اور ٹکیاں دستیاب ہوتی ہیں۔ عام طور پر ۴
سی سی کا وریدی انجکشن کرنے سے ۱۰ منٹ میں افاقہ ہو جاتا ہے۔ اگر ایک گھنٹہ تک
فائدہ نہ ہو تو دوبارہ انجکشن دیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس امر کی احتیاط رہے کہ ۲۴ گھنٹوں
میں دوا کی مجموعی مقدار ۵ سی سی سے بڑھنے نہ پائے۔

کورامین CORAMINE ساختہ سبا۔ ایک سے ۲ سی سی کا انجکشن
کرنے سے مرض کو فائدہ ہوتا ہے۔

کورنیڈین CORNIDIN ساختہ شیانو۔ کورامین کے فوائد کی حامل دوا ہے۔

ڈیجی ٹیلین DIGITALIN ڈیجی ٹیلس کا جوہر موثرہ ہے۔ ۱/۱۰۰ گرین کو
ایک سی سی پانی میں حل کرکے زیر جلد۔ وریدی یا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔

اختناق الرحم ہسٹیریا۔ HYSTERIA

یہ ایک نفسیاتی مرض ہے جس میں نازک اندام شہری مستورات گرفتار ہو جاتی ہیں۔

ہایوسین ہائیڈروبرومائیڈ HYOSCINE HYDROBROMIDE
اجوائن خراسانی کا جوہر لطیف ہے۔ ۱/۲۰۰ سے ۱/۱۰۰ گرین تک کا عضلاتی انجکشن کیا
جاتا ہے۔ یہ مرگی۔ جنون۔ بے خوابی اور مالیخولیا کو بھی مفید ہے۔

وٹامن بی کمپلیکس VITMIN B COMPLEX اس مفید جوہر حیات کے

Marfat.com

۲ سی سی کا عضلاتی انجکشن رفع مرض کو مفید ہے۔

استقاطِ حمل ABORTION ابارشن۔ مشہور مرض ہے۔ جس میں بعض خاص اسباب سے حمل مدتِ طبعی سے پہلے گر جاتا ہے۔ اس کی متعدد اقسام ہیں۔ جن کا ذکر جدید دستورِ علاج مصنفہ شمس الاطبا حکیم غلام نبی صاحب ایم اے میں ملاحظہ فرمائیں۔

ڈائی سکرون DISECRON ساختہ شیرنگ۔ حمل قرار پانے کے بعد ہر تیسرے روز عضلاتی انجکشن کریں۔ اس دوا سے حمل کی تشخیص بھی کی جاتی ہے۔ دو دن انجکشن لگائے جاتے ہیں۔ اگر سات دنوں کے اندر حیض نمودار نہ ہو۔ تو یہ حمل ٹھہر جانے کی علامت ہوگی۔

اورے سکرون ORASECRON ساختہ برٹش شیرنگ۔ ایک ایک ٹکیہ روزانہ استقرارِ حمل کے بعد کھلاتے رہیں۔

پروجسٹین PROGESTIN ساختہ بی ڈی ایچ۔ یہ کارپس لوٹیم کا روغنی محلول ہے۔ ۵ تا ۱۰ ملی گرام روزانہ کا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔ بعد میں مقدار استعمال کم کر کے پروجسٹرول کی ایک تا دو ٹکیاں صبح و شام کھلائی جاتی ہیں۔

پرولیوٹن سی ٹیبلٹس PROLUTON C TAB ساختہ شیرنگ یہ دوا پریگ نی نولون سے تیار کی جاتی ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

لولوٹسائکلین LUTOCYCLIN ساختہ سبا۔ روزانہ ۱۰ ملی گرام کا عضلاتی انجکشن استقاطِ حمل کو روکنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔ جب درد اٹھنا اور جریان خون کم ہونا شروع ہو جائے تو انجکشنوں کا درمیانی وقفہ بڑھاتے جائیں۔ بعد میں دوا کا استعمال ترک کر دیں۔

ڈیوٹیامون DIVITAMONE ساختہ آرگنون۔ ۲ ٹکیاں دن میں ۳ بار کھلائیں۔ دراصل یہ وٹامن ای کا تجارتی نام ہے۔ مزید مرکبات کے لیے

Marfat.com

ماڈرن ڈرگز میں ملاحظہ کریں۔ قیمت ۲ روپے ۱/۲ آنے

استرخاء الرحم SUBINVOLUTION OF UTERUS

اس مرض میں دافع حمل کے بعد کسی بے احتیاطی کے باعث رحم سکڑ کر اپنی اصلی حالت پر نہیں آتا۔ بلکہ کسی قدر بڑا اور ڈھیلا ہو جاتا ہے۔

اربولین ERBOLIN ساختہ گلیکسو۔ اس کی ہر ٹکیہ میں ۱/۲ گرین ارگٹ ہوتا ہے۔ ایک سے دو ٹکیاں براہ دہن کھلائیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کے استعمال سے رحم کی صفائی ہو جاتی ہے۔

اسہال ڈائریا DIARRHOEA مشہور مرض ہے جس میں انتڑیوں میں خراش ہو کر پتلے پاخانے آتے ہیں۔

الی سیٹین ALLISATIN ساختہ سینڈوز۔ لہسن اور چارکول کا یہ مرکب آنتوں کی تخمیر و تعفن کو دور کر کے دستوں کو روکتا ہے۔ دو یا تین ٹکیاں کھانے سے قبل بغیر چبائے پانی کے ساتھ نگل لیں۔ اس دوا کے استعمال سے پاخانہ کا رنگ سیاہ ہو جایا کرتا ہے۔

الٹرا کاربن ULTRACARBON ساختہ ای مرک۔

یہ دوا بھی چارکول ہی سے تیار کی جاتی ہے۔ تین ٹکیاں پانی میں گھول کر دن میں ۳-۴ بار پلائیں۔ شدید حالات میں تعداد خوراک بڑھائی جا سکتی ہے۔

کولو کے اولین COLLO-KAOLIN ساختہ پی ڈی اینڈ

یہ دوا اسہال کے علاوہ سل۔ ہیضہ اور محرقہ بخار کو بھی مفید ہے۔

کاربو گوآنی سل CARBO GUANICIL ساختہ بیگ

یہ چارکول لب متھو سب نائٹریٹ۔ پکٹین اور سلفا گوانیڈین کا مرکب ہے۔ یہ ہر قسم کے اسہال میں مفید ہے۔ جوان آدمی کو ایک ٹی سپون فل گرینولز یا تین ٹکیاں دن

Marfat.com

میں تین بار کھلائیں۔ بچوں کو ایک یا دو چمچہ خرد گرینولز یا ایک ٹکیہ دن میں تین بار کھلائیں
دوا کے استعمال کے دوران میں پانی خوب پلائیں۔

ایکسٹریکٹ بیل: EXT. BEL ساختہ بنگال کیمیکلز۔ یہ بیلگری کا خلاصہ
ہے۔ اسہال اور پیچش کو بے حد مفید ہے۔

التہاب شعب شدید:۔ ACUTE BRONCHITIS شدید کھانسی
اس مرض میں ہوائی نالیوں کی اندرونی جھلی میں ورم یا خراش کے باعث کھانسی
آیا کرتی ہے۔

نومولٹزین NUMOTIZINE ساختہ یو ایس اے
یہ دوا امراض گلو میں بطریق پلٹس استعمال کی جاتی ہے۔

سیرپ کیلسی ڈرین SYP CALCIDRINE ساختہ ایبٹ،
یہ مرکب کیلشیم آیوڈائیڈ اور ایفی ڈرین کا مرکب ہے۔ جوان کو ایک تا ۲
چمچہ خرد۔ بڑی عمر کے بچوں کو نصف سے ایک چمچہ خرد استعمال کرائیں۔ اس کی
چار اونس کی شیشیاں ملتی ہیں۔

اسٹوپین ASTOPEN یہ دراصل پنسیلین ۵ لاکھ یونٹ ہے۔ ایک
انجکشن روزانہ زیر جلد یا عضلاتی طور پر لگائیں۔

التہاب شعب مزمن
CHRONIC BRONCHITIS
شدید کھانسی کے بار بار حملوں کے بعد کھانسی مزمن صورت اختیار کر جایا کرتی ہے۔

ریلسائل RESYL ساختہ سیبا۔ یہ شربت گوائے کول اور کوڈین
سے تیار کیا جاتا ہے۔ ایک چمچہ خرد دن میں تین بار پلائیں

کوڈائل: CODYL ساختہ اے ایف ڈی۔ اس دوا کے ۲ چھوٹے
چمچے ہر چوتھے گھنٹے بعد پلانا شفا کا ضامن ہوا کرتے ہیں۔

60654

Marfat.com

## انیمیا ANAEMIA

مشہور مرض ہے۔ جو نقص تغذیہ سے رونما ہوتا ہے۔ یہ دوائیں مفید ہیں۔

پروٹووٹ PROTOVIT (ساختہ روشے) یہ دس حیاتین کا آبی مرکب محلول ہے۔ اس کی مقدار خوراک ۱۰ سے ۲۰ منم ہے۔ بچوں کی تمام حیاتینی خامیوں کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔

پلاڈک PALADAC (ساختہ پارک ڈیوس) یہ نو حیاتین کا مرکب ہے حسب عمر نصف یا ایک چھوٹا چمچہ پانی، دودھ یا پھلوں کے رس میں ملا کر دن میں تین بار پلانے سے بچوں کی کمزوری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

وائی ڈے لن VIDAYLIN (ساختہ ایبٹ) اس مرکب میں حیاتین اے۔ بی۔ سی۔ ڈی اور نکوٹینک ایسڈ ہوتے ہیں۔ ۱۲ سال کے بچوں کو ۵ سی سی روزانہ استعمال کرانے سے غذائی نقائص سے رونما ہونے والے امراض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ مزید مرکبات کے لیئے ڈرامن قیصرانی مرتبہ شمس الاطبا حکیم غلام نبی ایم اے دیکھیں۔ قیمت ۲ روپے۔

## اندام نہانی کی خارش PRURITIS VULVAE

یہ مرض میلے کچیلے رہنے سے رونما ہوا کرتا ہے۔

ڈپوٹ الیسٹروے نین DEPOT OESTROMENINE (ساختہ ای مرک) اس کے ۲ سی سی کا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔ اس کے ہمراہ الیسٹروے نین آئنٹ منٹ دن میں ۲ یا ۳ بار لگانے سے بہت جلد خارش سے نجات مل جاتی ہے۔

ڈائی منفورمون آئنٹ منٹ DIMENFORMON OINT (ساختہ آرگنون) یہ مرہم الیسٹراڈیول مونو بنزو یٹ سے تیار کی جاتی ہے۔ اس کے مقامی طور پر لگانے

Marfat.com

سے مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

انستھے سین جیلی: ANAESTHSIN JELLY (ساختہ ونتھروپ ملمی ازنر) اس جیلی کو لعاب گوند کتیرا اور گلیسرین میں انستھے سین دس فی صد ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ یہ مقعد۔ اندام نہانی اور جسمانی خارش کے سیلئے مفید ہے۔

اندام نہانی کی سوجن VAGINITIS اس مرض میں بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔ لیکن پیشاب کرتے وقت درد ہوا کرتا ہے۔ اور زردی مائل رطوبت خارج ہوتی ہے۔

ڈائی نسٹرول DINOESTROL - یہ خصیۃ الرحم کا جوہر ہے۔ ایک سے دو سی سی کا زیر جلد یا عضلاتی انجکشن کریں۔ ا سے ۵ ملی گرام کی تعداد میں دن میں دو بار کھلانا بھی مفید ہوتا ہے۔ ۱۴ اون کا استعمال کافی ہوتا ہے۔

ایسٹراڈیول بنزوییٹ: OESTRADIOL BENZOATE

۵ ہزار یونٹ ہفتہ میں دو بار استعمال کرائیں۔

انفلوئنزا INFLUENZA نزلہ وبائیہ

ڈسپرین: DISPRIN (ساختہ ریکٹ اینڈ کولمین لیمیٹڈ) دو ٹکیاں چوتھائی گلاس پانی میں ڈال کر خوب ہلا کر ۴۔ ۴ گھنٹے بعد پلائیں۔

نیوسینی فرین: NEO-SYNEPHRINE اس دوا کے دو ایک قطرے ناک میں ٹپکانے سے ناک کا امتلا اور ورم دور ہو جاتا ہے۔

ایروویٹ: AROVIT (ساختہ روشے) یہ ڈامن اے کا کیمیاوی مرکب ہے۔ ایک ہفتہ تک دو ٹکیاں کھلانے کے بعد ایک ٹکیہ روزانہ ۲-۳ ہفتوں تک کھلائی جاتی ہیں۔

ریڈوکسون فورٹے: REDOXON FORTE (ساختہ روشے)

Marfat.com

۲-۳ ٹکیاں دن میں ۳ بار کھلائیں۔

ایکزیما۔ ECZEMA چھاجن

کالزانہ۔ KALZANA یہ دوا سوڈیم لیکٹیٹ اور کیلسیم لیکٹیٹ کا مرکب ہے۔

ایلارسن۔ ELARSON (ساختہ بائیر) سنکھیے کا یہ مرکب چھاجن کو نافع ہے۔ اس کی ایک ایک ٹکیہ بعد از غذا دن میں تین بار کھلائی جاتی ہے۔

وائیوفارم کریم۔ VIOFORM CREAM (ساختہ سیبا) یہ مرہم پرانے ایکزیما کو خاص طور پر مفید ہے۔ اس میں ۳ فی صد وائیوفارم ہوتی ہے۔

انٹی سیٹن۔ ANTISTINE (ساختہ سیبا) یہ دوا الرجک امراض اور چھاجن کو مفید ہے۔ ایک ٹکیہ دن میں ۳ بار کھلائیں۔ یا ایک امپول کا عضلاتی انجکشن دن میں تین بار کریں۔

یوریکس۔ EURAX (ساختہ گیگی) یہ دراصل پپاتی رے مین میں ایٹ ہے۔ اسے مقامی طور پر لگایا جاتا ہے۔ اس سے کپڑے داغدار نہیں ہوتے۔

ٹائرو تھری سین کریم۔ TYRO THRISINE CREAM (ساختہ لیدرلی) اسے دن میں ایک بار مقامی طور پر لگایا جاتا ہے۔

لیدرپلیکس۔ LEDER PLEX (ساختہ لیدرلی) یہ وٹامن بی کمپلیکس کا تجارتی نام ہے۔ دو چھوٹے چمچے روزانہ پلائیں۔ یا روزانہ ایک سی سی کا عضلاتی انجکشن کریں۔

کیلسیائی برومیٹ۔ CALCII BRONATE (ساختہ سینڈوز) برومائیڈ اور کیلسیم کا یہ مرکب براہ دہن اور بذریعہ انجکشن مستعمل ہے۔ ایک ٹکیہ روزانہ کھلائیں یا دس سی سی کے ایک امپول کا وریدی انجکشن ہفتہ میں دو بار کریں۔

باہھنی۔ BLEPHARITIS - اس مرض میں پپوٹوں کے کنارے موٹے اور سرخ ہو کر باہر کو پلٹ آتے ہیں۔ پلکوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔ آنکھوں سے پانی

Marfat.com

ٹپکتا ہے۔ اور ان میں خارش۔ درد اور جلن محسوس ہوتی ہے۔

تھیازائڈ آئی آئنٹمنٹ۔ THIAZID EYE OINT (ساختہ مے اینڈ بیکر)
یہ مرہم پپوٹوں پر لگایا جاتا ہے۔ ۵ روز سے زیادہ ہرگز استعمال نہ کریں۔

بانجھ پن۔ STERILITY۔ عقر۔ یہ مرض مختلف اسباب کا نتیجہ ہوا کرتا ہے۔ جس کی مفصل معلومات "جدید دستور علاج" مرتبہ شمس الاطبا حکیم غلام نبی صاحب ایم اے میں دیکھیں۔ قیمت ۱۱ روپے۔

ٹسٹو سٹیرون پروپیونیٹ۔ ۵ ملی گرام کا عضلاتی انجکشن ہفتہ میں دو بار کریں۔

وٹامن ای۔ مندرجہ ذیل مرکبات میں سے کوئی مرکب استعمال کریں۔ زائی گمن (ساختہ مکو تیب) ایوی ٹون (ساختہ ہوشے) فرٹی ٹول (ساختہ وٹامنز لمیٹڈ) ایفی نال (ساختہ روشے) ایوی اون (ساختہ ای مرک) ایوی من (ساختہ سی ڈی بی) ایک یا دو ٹکیاں یا ایک کیپسول دن میں ۳ بار کھلائیں۔

بجلی کی رو سے جل جانا۔ ELECTRICAL BURN بجلی کے لگنے سے عموماً مرکز تنفس کے مفلوج ہو جانے سے عموماً موت واقع ہو جاتی ہے۔ لیکن اس کے زخم بھی بہت دیر میں مندمل ہوتے ہیں۔

بےپن تھین آئنٹمنٹ۔ BEPANTHEN OINT (ساختہ روشے)
اسے مقامی طور پر لگایا جاتا ہے۔ اور پٹی روزانہ تبدیل کی جاتی ہے۔

بچے کو قے آنا۔ VOMITING۔ عام طور پر غذا کی خرابی سے بچے کو قے آنے لگتی ہے۔

یومی ڈرن۔ EUMYDRIN۔ یہ اٹروپین میتھونائٹریٹ کا تجارتی نام ہے۔ اس کے ایک میں دس ہزار کے تازہ محلول کو ۲ سے ۵ سی سی کی مقدار میں دودھ پلانے سے نصف گھنٹہ پہلے پلایا جاتا ہے۔

Marfat.com

بچہ کو دست آنا۔ DIARRHOEA (INFANTILE) اس مرض میں کسی خراش دار مادہ سے انتڑیوں میں خراش ہو کر دست آیا کرتے ہیں۔

فارموسیبازول۔ FORMO-CIBAZOL (ساختہ سبا)

یہ دوا بچوں کی بدہضمی کے علاوہ التہاب امعا۔ التہاب قولون اور جراثیمی پیچش کو نافع ہے۔ ایک سے پانچ سال کے بچے کو ۵ سال سے بڑی عمر کے بچوں کو ایک ٹکیہ دن میں تین بار دیں۔ جوانوں کو ۲ یا ۳ ٹکیاں دن میں ۳-۴ بار دیں۔ ۵ روز تک یہی مقدار دوا دے کر پھر دوا کی مقدار کم کر دیں۔

ایپ لونا۔ APLONA (ساختہ کالی کیمی جرمنی) سیب کا یہ جوہر ہر قسم کے نئے پرانے دستوں کو مفید ہے۔ ایک یا دو چھوٹے چمچے گرم پانی میں ملا کر دن میں تین یا چار بار دیں۔

کلوروسٹریپ CHLOROSTREP (ساختہ پارک ڈیوس)

یہ کلورومائی سٹین اور ڈائی ہائیڈروسٹریٹومائی سین کا مرکب ہے۔ اسے ۲ کیپ شولز یا ایک سے ۲ چمچہ خورد ہر چھٹے گھنٹے مریض کو دیں۔

کریموسکسی ڈین۔ CREMOSUXIDINE (ساختہ مرک شارپ اینڈ دوم)

یہ سلفاسکسی ڈین کی تعلیق ہے۔ دو ٹیبل سپون بڑے بچہ کو اور ایک ٹیبل سپون دوا چھوٹے بچے کو دیں۔ یہ دوا جراثیمی پیچش، اسہال گرمائی، اسہال نومولود وغیرہ کو مفید ہے۔

برص۔ LEUCODERMA۔ ایک نہایت ہی عسیر العلاج مرض ہے۔ جس میں جلد پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔

لوڈرمول۔ LUDERMOL (ساختہ سمتھ سٹینی سٹریٹ) اس مرہم میں ست باچی ۲۰ فی صد۔ آئل چالموگرہ ۱۰ فی صد ہوتے ہیں۔ اسے مقام ماؤف پر

Marfat.com

دن میں کئی بار لگایا جاتا ہے۔

بستری زخم۔ BED SORES۔ عام طور پر لمبے امراض میں مریض کے جن مقامات پر دباؤ پڑتا ہے۔ وہاں زخم پیدا ہو جاتے ہیں۔

انگوئنٹم ایلن ٹوان: UNG-ALLANTOIN (ساختہ جناٹوسن)
دن میں دو بار مقام ماؤف پر لگائیں۔

پرسکول آئنٹمنٹ: PRISCOL OINT مقامی طور پر لگائیں۔

لفا۔ سی بوریا۔ SEBORRHOEA۔ اس مرض میں سر کے جلد کی چکنائی پیدا کرنے والے غدود کی رطوبت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ جو جلد پر باریک جھلی کی صورت میں جم جاتی ہے۔ اور کنگھی کرتے وقت جلد سے جدا ہو کر ادھر ادھر گردن پر گرتی ہے۔

سلسن سلفائڈ SELSUN SULFIDE یہ دوا بالوں کو صابن اور پانی سے دھو کر لگائی جاتی ہے۔ عام طور پر ایک چھوٹا چمچہ دوا ہتھیلی پر رکھ کر اس میں تھوڑا سا پانی ملا کر دو ایک منٹ تک مالش کی جاتی ہے۔ ۵ منٹ بعد صابن اور پانی سے بالوں کو صاف کر دیں۔ اس امر کی احتیاط ہے۔ کہ دوا آنکھوں کو لگنے نہ پائے۔ یہ عمل ہفتہ میں دو بار ۱۵ دن تک کریں۔

پریگ مے ٹار۔ PRAGMATAR (ساختہ منلے اینڈ جیمز)
یہ مرہم سیلی سلک ایسڈ اور ٹار سلفر سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ فطری طریقوں سر کی جلد کی داد۔ دھوبی خارش اور لفا کو مفید ہے۔ ذرا سا مرہم ماؤف مقام پر انگلی کے پوروں سے مل دیں۔ آنکھ اور نازک مقامات کو بچائیں۔

بواسیر HAEMORRHOIDS
سینوسین سیمپولز SENUSIN SEMPULES (ساختہ بی۔ڈی۔ایچ)

Marfat.com

اس مرکب کے اجزائے ترکیب میں ریسارسی نول - بورک ایسڈ - بالسم آف پیرو - زنک اور بسمتھ کاربونیٹ شامل ہوتے ہیں۔ اسے سپازٹری کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اینوسول: ANUSOL (ساختہ وارنر) اس سپازٹری میں زنک اوکسائیڈ اور بسمتھ سب گیلیٹ ہوتے ہیں۔ ایک شافہ رات کو مقعد میں رکھا جاتا ہے۔

اینی تھین: ANETHAINE (ساختہ گلیکسو) یہ اسبیے تھوکین ہائیڈرو کلورائیڈ کا مرہم جو لچکدار ٹیوبوں میں دستیاب ہوتی ہے۔ اس کا مقامی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

ایچ پی آئنٹ منٹ: H.P. OINTMENT (ساختہ بوٹس) یہ مرہم زنک اوکسائیڈ، بورک ایسڈ، ٹینک ایسڈ، اکتھامول اور سیفل سیلی سیلیٹ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اسے نوزل کے ذریعہ مقعد میں لگایا جاتا ہے۔ جس سے سوزش اور درد کو تسکین ہو جاتی ہے۔

ٹریسانوئڈز: TRESANOIDS (ساختہ شارپ اینڈ ڈوہم) یہ شافے بواسیر کے علاوہ انشقاق المقعد کو مفید ہیں۔ ایک شافہ صبح و شام اندر رکھیں

نوزین آئنٹ منٹ: NUZINE OINT (ساختہ پیرالیس ...)
لچکیلی ٹیوبوں میں بند یہ مرہم مقامی طور پر استعمال کیا جاتا ہے

بلانوفارم آئنٹ منٹ: PLANOFORM OINT (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہ مرہم سطحی تخدیر پیدا کر کے درد اور خارش کو ... اس میں ۲ فی صد بوٹل امینو بنزوئیٹ ہوتی ہے۔

ریکٹوسرول: RECTESER... (ساختہ ... ) ... مقعد ... پر لگایا جاتا ہے۔ جس سے جلن اور درد کو تسکین ہو جاتی ہے

Marfat.com

ہیڈنسا۔ HEDENSA (ساختہ جرمنی) اس مرہم کو صبح و شام رفع حاجت سے پہلے اور بعد مسوں پر لگایا جاتا ہے۔ مرہم کو مقعد میں پہنچانے کے لیے ٹیوب کے ساتھ ایک نالی بھی ہوتی ہے۔

قبض کو دور کرنے کے لیے اگارول یا اسی قسم کی دوسری ادویہ استعمال کریں۔

کمی خون۔ نقص الدم۔ ANAEMIA

یہ مرض عموماً نقص تغذیہ سے پیدا ہوتا ہے۔

ڈائی کلوسا۔ DICALOSSA (ساختہ کارنرک) کیلسیم۔ فولاد۔ فاسفورس اور وٹامن ڈی کا یہ مرکب ایام حمل اور ایام رضاعت کے کمی خون کو مفید ہے۔ دو ٹکیاں دن میں ۳ بار دیں۔

فیرو فیٹن۔ FERROPHYTIN (ساختہ سیبا) اس دوا کی گولیاں اور گرینولز ملتے ہیں۔ بڑوں کو دو گولی یا دو پیمانے گرینولز بچوں کو ایک گولی یا ایک پیمانہ گرینولز دن میں دو بار دیں۔ پیمانہ دوائی کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔

لوی برون۔ LIVIBRON (ساختہ پارک ڈیوس) یہ لور ایکسٹریکٹ آئرن اور وٹامن بی کا مرکب ہے۔ ایک تا ۲ چمچہ خورد پانی ملا کر غذا سے پہلے پلائیں۔

ریڈی سائٹ۔ REDICYTE (ساختہ سکوئب اینڈ سنز)

ان کیپ شولوں میں اور اجزا کے علاوہ وٹامن بی ۱۲ اور فولک ایسڈ ہوتا ہے۔ ایک کیپ شول دن میں تین بار دیں۔

فیرونیکم FERRONICUM (ساختہ سینڈوز) ہر ٹکیہ میں ۲۰ گرام فیرس گلوکونیٹ ہوتا ہے۔ دو ٹکیاں کھانے کے بعد بلا چبائے پانی سے نگل لیں۔

پلاسٹولز۔ PLASTULES (ساختہ وائتھ) اس مرکب میں فیرس

سلفیٹ اور ریسیٹ ہوتے ہیں۔ ایک تا دو گولیاں دن میں دو بار غذا کیساتھ کھلائیں

ہومیلز ہیمے ٹوجن۔ HOMMEL'S HAETOGEN (ساختہ ہومل)

اس میں انسانی خون کے تمام اجزائے ترکیبی موجود ہوتے ہیں۔ بڑوں کو ایک بڑا چمچہ اور ایک سے تین سال کے بچوں کو ایک چھوٹا چمچہ دن میں دو یا تین بار غذا سے پہلے دیں۔

لووجن LIVOGEN (ساختہ بی ڈی ایچ) لیکوڈ ایکسٹریکیٹ آف لیور اور ریسیٹ کا یہ مرکب کمزوری کو دور کرنے کے لیے مفید ہے۔ ۱ تا ۲ چمچہ خورد روزانہ پلائیں۔

کوفرون۔ COFRON اس دوا میں کاپر سلفیٹ اور فیرک ایمونیم سائٹریٹ اور خلاصہ جگر ہوتا ہے۔ ایک بڑا چمچہ دن میں تین بار پلائیں۔

پیری ہیمن۔ PERIHEMIN (ساختہ لیڈرلی) فولاد۔ فولک ایسڈ۔ وٹامن بی ۱۲۔ وٹامن سی کا یہ مرکب غذائی نقص الدم کو خاص طور پر مفید ہے۔ تین کیپسول روزانہ غذا کے بعد دیں۔

پولی ہیمن۔ POLYHAEMEN (ساختہ انگلستان) ان گولیوں میں فولاد کاپر، مینگنیز اور وٹامن سی ہوتا ہے۔ ایک سے تین ٹکیاں کھانے کے ہمراہ یا کھانے کے فوراً بعد کھلائیں۔

فیرو فولسان۔ FERRO-FOLSAN (ساختہ کیمی گیوں)

ایک قرص دن میں تین بار بعد از غذا دیں۔ چھوٹے بچوں کے لیے یہ دوا سیال صورت میں دستیاب ہوتی ہے۔

آئرن کا کوڈائی لیٹ۔ IRON CACODYLATE (ساختہ ڈوسی جین)

Marfat.com

یہ فولاد اور سم الفار کا مرکب ہے۔ ۰.۰۶۵ گرام عضلاتی یا وریدی انجکشن ہر تیسرے یا پانچویں روز کیا جاتا ہے۔ اگر مریض سنکھیا برداشت نہ کر سکے۔ تو مقدار خوراک کم کر دیں۔

آئی وِرون - IVIRON (ساختہ برٹش ڈیرنگ) یہ فولاد محلول ہے جسے بذریعہ وریدی انجکشن حسب ضرورت مریض استعمال کرایا جاتا ہے۔

رائی بیوٹول - RIBUTOL (ساختہ ڈی سی اے لیبارٹریز) اس مرکب میں فولاد۔ وٹامن ب۱۲۔ وٹامن بی کمپلیکس اور وٹامن سی ہوتا ہے حسب ہدایت استعمال کرائیں۔

نیو فیرم - NEO-FERRUM (ساختہ کروکس) فولاد کا یہ قابلِ انجذاب مرکب بچوں کو دودھ میں حل کر کے پلایا جاتا ہے۔ اس کی ٹکیاں بھی ملتی ہیں۔

فرگون - FERGON (ساختہ ونتھروپ) یہ دوا آئرن کے دوسرے مرکبات کے مقابلہ میں کم مخرش ہے۔ ایک ٹکیہ دن میں تین بار غذا سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔

فیری وے نن - FERRIVENIN (ساختہ بنجرز لیبارٹریز) یہ فولادی محلول بذریعہ وریدی انجکشن استعمال کرایا جاتا ہے۔

بے خوابی - INSOMNIA مختلف اسباب کی بنا پر مریض کو پوری طرح نیند نہیں آتی۔

میڈومن - MEDOMIN (ساختہ گیگی) ایک ٹکیہ سونے سے نصف گھنٹہ پہلے چائے یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ یہ بے خوابی بوجہ عصبی تکان دماغی محنت کی زیادتی۔ خون کے دباؤ کی زیادتی اور تصلب شرائین کو مفید ہے۔

Marfat.com

کاربرٹل۔ CARBRITAL (ساختہ پارک ڈیوس) ہر کیپ شول میں نیٹر باربی ٹورن سوڈیم ۱/۲ گرین اور کاربرومیل ۴ گرین ہوتی ہے۔ ایک کیپ شول کے کھانے کے نصف گھنٹہ بعد نیند آجاتی ہے جگر یا گردوں کے فعل کی خرابی کی صورت میں یہ دوا نہ دیں۔

اوپٹلی ڈون۔ OPTALIDON (ساختہ سینڈوز) جب درد کے باعث نیند نہ آئے۔ تو دو ٹکیاں سونے سے قبل چبائے بغیر کھلائیں۔

ایڈے لین۔ ADALIN (ساختہ بائیر) یہ کاربرومیل اور بروماڈ کا کیمیاتی مرکب ہے۔ ایک تا دو ٹکیاں سونے سے آدھ گھنٹے پہلے نیم گرم پانی یا دودھ سے کھلائیں۔ بچوں کو حسب عمر دیں۔

فینوڈورم۔ PHANODORM (ساختہ بائیر)
ایک ٹکیہ کھا لینے سے سات آٹھ گھنٹوں کے لیے گہری نیند آجاتی ہے۔

اوبلی وون۔ OBLIVON (ساختہ برٹش شیرنگ)
یہ باربی چوریٹس کا غیر سمی بدل ہے۔ حسب ضرورت مریض کو دیں۔

سومنوسل۔ SOMNOSAL (ساختہ نیب لیسٹڈ)
۲ ٹکیاں سوتے وقت دودھ یا گرم پانی سے کھلائیں۔

نمبوٹال۔ NIMBOTAL (ساختہ ایبٹ لیبارٹریز)
حسب ضرورت مریض کو ایک یا دو کیپ شول کھلائیں۔

سیکونے سین۔ SECONESIN (ساختہ کوڈکس)
ایک ٹکیہ ہر چوتھے گھنٹے بعد کھلائیں۔ یا سونے سے قبل ایک یا دو ٹکیاں کھلائیں۔

Marfat.com

ڈائل - DIAL (ساختہ سبا) دو ٹکیاں سونے سے ایک گھنٹہ پہلے دودھ یا نیم گرم پانی سے کھائیں۔

سونے رل - SONERYL (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہ بیوٹو باربی ٹون کا مرکب ہے۔ اس کی مقدار خوراک ۱½ گرین ہے۔

میڈی نال - MEDINAL (ساختہ شیرنگ) نصف سے ایک ٹکیہ سونے سے آدھ گھنٹہ پہلے پانی یا لیمونیڈ میں حل کر کے دیں۔

بیری بیری - BERI BERI - یہ مرض غذا میں وٹامن ب کے نقدان سے رونما ہوتا ہے۔

رائزامین بی - RYZAMIN - B (ساختہ بروز ویلکم)
۲۰ گرین غذا دن میں ۳ بار دیں۔

بی میکس - BEMAX (ساختہ وٹامنز لیمیٹڈ)
ایک اونس روزانہ کھلائیں۔

ییسٹ ٹیبلٹس - YEAST TABLETS (ساختہ نیلس)
۶ ٹکیاں روزانہ دانا ضامن شفا ہے۔

پتی اچھلنا - URTICARIA - مشہور مرض ہے۔ جس میں جسم پر سرخ رنگ کے ددوڑے نکل آتے ہیں۔

فینرگن - PHENERGEN (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہ دراصل پرومیتھے زین ہائیڈروکلورائیڈ کا تجارتی نام ہے۔ یہ دوا تمام حساسیتی امراض کو مفید ہے۔ جوان آدمی کو ۲۵ ملی گرام کی ٹکیہ سوتے وقت کھلائیں۔ چونکہ یہ دوا غنودگی کا باعث ہوتی ہے۔ اس لئے اگر دن کے وقت اس کا استعمال مطلوب ہو۔ تو ۱۰ ملی گرام کی ٹکیہ کھلائیں۔ یا ایم فیتامین سلفیٹ ۵ ملی گرام استعمال کرائیں بچوں

Marfat.com

۱۰ ملی گرام کی ٹکیہ یا اس کا ایلکسر استعمال کرائیں۔

پائری بنزامین۔ PYRIBENZAMINE (ساختہ سیبا)
یہ دافع حساسیت دوا اس مرض کو مفید ہے۔ ایک ٹکیہ دن
میں تین بار بعد از غذا کھلائیں۔

ایول۔ AVIL (ساختہ ہوشٹے) یہ دافع حساسیت دوا ہونے کے
علاوہ دمہ کو بھی مفید ہے۔ ایک ٹکیہ دن میں تین بار غذا کے بعد کھلائیں۔
ہسٹن ٹن۔ HISTANTIN (ساختہ برووز ویلکم) یہ کلورسائیکلی زین ہائیڈرو
کلورائیڈ کا تجارتی روپ ہے۔ جسے مختلف الرجک امراض میں مقدار ۵۰ تا
۱۰۰ ملی گرام دن میں ایک بار کھلانا ضامن شفا ہوا کرتا ہے۔ شدید صورتوں میں
۲۰۰ ملی گرام تک کا استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

کالاڈرل۔ CALADRYL (ساختہ پارک ڈیوس) یہ بینا ڈرل۔
کافور کیلے مین اور گلیسرین کا مرکب ہے۔ اسے متعدد امراض میں خارجی طور پر
استعمال کرایا جاتا ہے۔

ڈایاٹرین۔ DIATRIN (ساختہ وارنر) یہ بھی دافع حساسیت
دوا ہے۔ جس کی ایک ٹکیہ دن میں ۳ یا ۴ بار بعد از غذا کھلائی جاتی ہے۔

کیلسس ٹین۔ CALCISTIN (ساختہ بوہرنگر اینڈ سوہنے)
خفیف حالتوں میں ایک تا دو ٹکیہ دن میں تین بار دیں۔ شدید حالتوں
میں ایک امپول کا وریدی یا عضلاتی انجکشن آہستگی سے کریں۔

امبوڈرل۔ AMBODRYL (ساختہ پارک ڈیوس) یہ دوا
بروموڈائی فین ہائیڈرامین ہائیڈروکلور سے تیار کی جاتی ہے۔ مختلف حساسیتی
امراض میں مفید ہے۔ ایک کیپسول صبح و شام پانی سے کھلائیں۔

Marfat.com

پتے کی پتھری CHOLELITHIASIS۔ مختلف اسباب کے باعث پتے میں پتھری پیدا ہو کر بے پناہ درد کا باعث ہوا کرتی ہے۔

کو لے فلے وین۔ CHOLEFLAVIN (ساختہ ہوشٹ)
دو گولیاں دن میں تین بار غذا سے پہلے کھلائیں۔

یوپے کو۔ UPA CO (ساختہ ای مرک) ایک تا دو ٹکیاں کھلائیں۔ یا ایک سی سی کا عضلاتی انجکشن کریں۔

پھوڑا۔ دُمل
FURUNCLES

ٹیبلٹ سٹینوکسل۔ TAB. STANNOXYL (ساختہ سے ایف ڈی)
قلعی کا یہ مرکب سٹفلوکوکل چھوت اور پیپ دار پھنسیوں کیلئے مفید ہے۔

فیورنکولوسس ویکسین (FURUNCULOSIS VACCINE)
(ساختہ پیٹ مین مور۔ پارک ڈیوس کمپنی وغیرہ۔) ۱/۲ سی سی کا زیر جلد انجکشن کرنے کے بعد مریض کی قوت برداشت کے مطابق دوا کی مقدار میں اضافہ کرتے جائیں۔ ہر دو انجکشنوں میں ایک یا دو دن کا وقفہ ضرور دیں۔

مینگنیز بوٹیریٹ۔ MANGANESE BUTYRATE (ساختہ بی ڈی ایچ)
اس کے ایک ایمپول کا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔

ٹن ٹیبلٹس۔ TIN TABLETS (ساختہ کول) ایک یا دو ٹکیہ دن میں دو یا تین بار کھلائیں۔ یہ پھوڑوں کے علاوہ کاربنکل اور گہا بحنی کو بھی مفید ہیں۔

پیٹ اپھرنا۔ نفخ شکم
FLATULENCE
اس مرض میں مختلف اسباب کی وجہ سے پیٹ میں ہوا بھری رہتی ہے۔

فیسٹل۔ FESTAL (ساختہ ہوشٹ) یہ دوا لبلبہ کے انزائم سے تیار کی جاتی ہے۔ اس کی ایک یا دو گولیاں دن میں تین بار بغیر چبائے کھلائی جاتی ہیں۔

Marfat.com

رم مرارہ کے باعث نفخ کو خاص طور پر مفید ہے۔ الکیں رے لیتے وقت آنتوں سے ریاح کے اخراج کے لئے اسے کھلایا جاتا ہے۔

لوئزم - ہرz ان ایل (ساختہ سوئٹزرلینڈ) اس دوا کی ایک ٹکیہ صبح وشام استعمال کرنے سے تولید ریاح اور قراقر کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

ڈولسا سٹامک پوڈر - DOLSA STOMACH POWDER (ساختہ ریکٹ اینڈ کولمین) اس سفوف کے اجزائے ترکیب یہ ہیں۔ بسمتھ کاربونیٹ فی صد میگنیشیا کارب پانڈری روسس ۲۰ فی صد کیلسیم کارب ۴۰ فی صد۔ سوڈا بائی کارب ۲۰ فی صد۔ ادلیم منتھا پپ ۵۔ فی صد۔ اس کی ایک پڑیہ پانی میں گھول کر بوقت ضرورت یا کھانے کے بعد پلانے سے ترشی معدہ سے لاحق ہونے والی بدہضمی۔ نفخ اور درد شکم کو فائدہ ہوتا ہے۔

الی سے ٹن ALLISATIN (ساختہ سینڈوز) یہ لہسن اور چار کول کا مرکب ہے۔ اس کی ۲ ٹکیاں قبل از غذا دن میں تین بار پانی سے کھلائیں۔ اس سے براز کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے۔ جس سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔

میگنیشیم پر ہائیڈرول - MAGNESIUM PERHYDROL (ساختہ ای مرک) یہ دوا سفوف اور اقراص کی صورت میں دستیاب ہوتی ہے۔ اس کا ایک چھوٹا چمچہ بھر کھانے سے دائمی قبض۔ کثرت ریاح۔ جگر کی سوزش۔ نفخ وغیرہ کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اگر کھانے پینے میں بے اعتدالی ہو جائے۔ تو ایک یا دو ٹکیہ پانی میں گھول کر بعد از غذا دیں۔

پیچش امیبائی - DYSENTRY AMAEBIC - یہ مرض ایک جرثومہ انٹ امیبا ہسٹولی ٹیکا " نامی کے باعث رونما ہوا کرتا ہے جسے ڈاکٹر لمب نے ۱۸۵۹ء میں دریافت کیا تھا۔

Marfat.com

امبی کوین EMBEQUIN (ساختہ مے اینڈ بیکر) ایک یا دو ٹکیاں دن میں تین بار دس روز تک کھلائیں۔ بشرط ضرورت ایک ہفتہ کا وقفہ دے کر یہی کورس پھر دے سکتے ہیں۔ شدت مرض میں اس کے ہمراہ ایمیٹین کا استعمال نہ کرائیں۔

ملی بس MILIBIS - (ساختہ ونتھروپ) جوان آدمی کو ۲ قرص دن میں تین بار ساتھ روز تک کھلائیں۔ شدید اسہال میں اس کے استعمال سے قبل ایمیٹین ہائیڈروکلورائیڈ کے ایک دو انجکشن لگائیں۔ سنکھیے کی مرض حساسیت میں اس کا استعمال مناسب نہیں۔

ڈائیوڈوکوین۔ DIODOQUIN (ساختہ سی ارل) دس گرین کی ایک ٹکیہ دن میں تین بار کھلائیں اور علاج ۲۰ دن تک جاری رکھیں۔ ان ٹکیوں میں ۶۳.۹ فی صد آئیوڈین ہوتی ہے۔

سٹوورسول STOVARSOL (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہی دوا دیسی ٹارسون بھی کہلاتی ہے۔ اس میں ۲۷ فی صد سنکھیا ہوتا ہے۔ حسب ہدایت طبیب استعمال کریں۔

انٹیرووایوفارم: ENTERO-VIOFORM (ساختہ سیبا) حسب عمر ایک تا دو ٹکیاں دن میں تین بار غذا کے بعد کھلائیں۔ نہایت عمدہ دوا ہے۔

کوبسمائیڈ: KUBISMIDE (ساختہ ٹی سی ایف) ۱ تا ۲ ٹکیہ دن میں ۲ یا ۳ بار دس دن تک کھلائیں۔ یہ علاج بشرط ضرورت ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد دہرایا جا سکتا ہے۔

پیشاب میں شکر آنا۔ ذیابیطس شکری DIABETES MELLITUS - مشہور مرض ہے جس میں پیشاب میں شکر آتی ہے۔ اور مریض گھل گھل کر

Marfat.com

ختم ہو جاتا ہے۔

ٹرپ سوجن: TRYPSOGEN یہ دراصل افرازی جوہر کے ساتھ سونے کا مرکب ہے۔ دو ٹکیہ دن میں تین بار کھلائیں۔

پنکریاپے ٹین۔ PANCREAPATINE (ساختہ بنگلو فرنیچ ڈرگ کمپنی) ۴ گولیاں غذا کے درمیان کھلائیں۔ یاد رہے پنکرو بون پنکریاڈن وغیرہ اسی دوا کے نام ہیں۔ اس دوا کے استعمال سے پیاس کی شدت اور پیشاب کی مقدار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

تپ محرقہ: TYPHOIDFEVER ایک متعدی میعادی بخار ہے۔ جس کا سبب ایک جرثومہ "بیسی لس ٹائیفوسس" ہے۔ جو مریض کے بول و براز میں پایا جاتا ہے۔

کامیاب علاج: سلفا تھیازدال ایک گرام ہر تیسرے گھنٹے کھلائیں اور پینی سلین کا ہر دوسرے گھنٹے عضلاتی انجکشن کریں۔

کلورو مائی سٹین اس کے جدید ترین دوا ہے۔ مکمل معلومات کے لیے اینٹی بایوٹک ڈرگز مرتبہ شمس الاطبا حکیم غلام نبی ایم اے دیکھیں قیمت ۱۲ر

انٹرو سڈ: ENTEROCID (ساختہ برٹش سٹیرنگ)

دو ٹکیہ ہر تیسرے گھنٹے کھلائیں۔ بچوں کو ۳ گرین فی کلو گرام جسمانی وزن کے حساب سے ۳ یا ۴ متفرق خوراکوں میں دیں۔

نوٹ:۔ کلو گرام = ۲.۲ پونڈ

تحجر مفاصل (جوڑوں کا پتھرا جانا) RHEUMATOID ARTHRITIS مشہور مرض ہے۔ جس میں جوڑ پتھرا جاتے ہیں۔

کورٹرل۔ CORTRIL (ساختہ فیزر) یہ ہائیڈرو کارٹی سون کا

تجارتی نام ہے۔ شروع میں ۵ تا ۱۰ ملی گرام صبح و شام کھلائیں۔ جب اچھا خاصا افاقہ ہو جائے۔ تو ہر پانچویں روز ۵ ملی گرام گھٹاتے جائیں۔

کیپری مل۔ CUPRIMYL (ساختہ مے اینڈ بیکر)

۰،۵ گرام کا ہفتہ میں دو بار عضلاتی انجکشن کریں۔ تا آنکہ مجموعی مقدار ۸ تا ۹ گرام ہو جائے۔

فبرولائی سین۔ FIBROLYSIN تھیوسینامین اور سوڈیم سیلی سلیٹ کا یہ مرکب بذریعہ انجکشن استعمال کرایا جاتا ہے۔

ارگاپائرین۔ IRGAPYRIN (ساختہ جی آرگیگی) اس داغ درد کے اقسام میں ادرا انجکشن ملتے ہیں۔ شدت مرض میں ہر تیسرے دن ایک ایمپول کا عضلاتی انجکشن کریں۔ انجکشن ہمیشہ چوتڑ کے بیرونی اور بالائی گوشت میں گہرا لگائیں۔ اور دوا آہستہ آہستہ داخل کریں۔ یہ دوا عرق النسا اور درد عضلات کو بھی مفید ہے۔

ڈیسی لیٹ۔ DESYLATE (ساختہ واکرو تاین) یہ دوا سوڈیم سیلی سلیٹ اور وٹامن سی اور ڈی کا مرکب ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

ڈیلٹا کورٹرل۔ DELTACORTRIL (ساختہ فیزر) شدت مرض میں ۵ ملی گرام والی ۴ تا ۸ ٹکیاں روزانہ اور کم شدید حالتوں میں ۳ ٹکیاں روزانہ صرف ۳ یا ۴ بار کھلائی جاتی ہیں۔ چونکہ یہ زہریلی دوا ہے۔ اس لیئے اسے معالج کی زیر نگرانی استعمال کیا جائے۔

بیوٹازولی ڈین۔ BUTAZOLIDIN (ساختہ جی آرگیگی)

شدت مرض میں ۴ سے ۸ ٹکیاں روزانہ استعمال کریں۔ جن مریضوں کا دل۔ جگر۔ گردے ماؤف ہوں۔ یا معدے میں زخم ہوں۔ وہ اسے استعمال بند کریں۔

تیزابی سمیت۔ KETOSIS

نشاستہ دار غذاؤں کے ناقص ہضم سے جسم میں تیزابیت یا انکی غیر طبعی

Marfat.com

طور پر بڑھ جاتی ہے۔

سٹرالکا۔ CITRALKA (ساختہ پارک ڈیوس) جوان آدمی کو ایک چھوٹا چمچہ دوا پانی میں ملا کر ہر تیسرے گھنٹے بعد دیں۔ بچوں کو حسب عمر دیں۔

ایلکے جن گرینولز۔ ALKAGEN GRANULES (ساختہ ایلن اینڈ ہنری) ایک چھوٹا چمچہ دوا دن میں چار دفعہ استعمال کرائیں۔

تصلب شرائین۔ ARTERIOSCLEROSIS۔ اس مرض میں شرائین میں بعض تبدیلیاں رونما ہو کر ان کی لچک میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

تھیوکارڈی نال۔ THIOGARDINAL (ساختہ مے اینڈ بیکر) ایک ٹکیہ دن میں ۲ یا ۳ بار دیں۔

لٹری سون۔ LITRISON (ساختہ روشے) دو گولی دن میں ۳ بار غذا کے ساتھ دیں۔ یہ دوا صغر الکبد اور یرقان کو بھی مفید ہے۔

جمرہ۔ ANTHRAX۔ یہ مرض "بیسی لس این تھریکس" کی کار فرمائی سے رونما ہوتا ہے۔

سکالوڈز سیرم۔ SCALVOS SEROM۔ ایک سو تا دو سو سی سی کا وریدی انجکشن کریں۔ آبلوں پر پینی سلین کریم لگائیں۔

جننے کے بعد کا درد۔ AFTER PAINS۔ جب بچہ دانی کے عضلاتی ریشے سکڑ کر اپنی اصلی حالت پر آتے ہیں۔ تو سخت درد ہوا کرتا ہے۔

سپیزمو سبل جن۔ SPASMO-CIBALGIN (ساختہ سبا) یہ دوا ہر قسم کے تشنجی دردوں کے لئے مفید ہے۔ ایک ٹکیہ دن میں ۲ یا ۳ بار کھلائیں۔

جوئیں پڑنا۔ PEDICULOSIS۔ عموماً میلا کچیلا رہنے سے جوئیں پڑ جاتی ہیں۔

Marfat.com

کوپریکس ۔ CUPREX (ساختہ مرک) یہ ایک آتش گیر سیال ہے۔ اس کی کھوپڑی اور بالوں پہ مالش کریں۔ اور ایک دو گھنٹوں کے بعد بالوں کو صابن اور نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ پھر کنگھی سے جوئیں بالوں سے الگ کر دیں۔ آنکھوں اور زخمی جلد پہ یہ دوا لگنے نہ دیں۔

بورنیٹ ۔ BORNATE (ساختہ وائتھ) یہ غیر روغنی لوشن بھی جوؤں کا پیغام ہلاکت ہے۔ ایک دو اونس سر کے بالوں پر مالش کرنے کے کوئی ۱۰ منٹ بعد بالوں میں باریک کنگھی کریں۔ پھر صابن اور نیم گرم پانی سے سر دھو ڈالیں۔ آنکھوں اور غشائے مخاطی پر یہ روغن نہ لگنے پائے۔

لوریکسین ہیڈ لوشن ۔ LOREXANE HEAD LOTION

یہ لوشن سر پہ لگانے کے بعد خشک ہونے دیں۔ ایک ہی بار کے استعمال سے جوئیں ختم ہو جاتی ہیں۔

جہازی قے ۔ غثیان بحری ۔ SEA SICKNESS ۔ بعض نازک مزاج لوگوں کو جہاز، گاڑی اور موٹر لاری کی سواری میں قے ہونے لگتی ہے۔

ایوومین ۔ AVOMINE (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہ دوا بڑوں کے علاوہ بچوں کو بھی استعمال کرائی جا سکتی ہے۔ دس ٹکیوں کی شیشیاں ملتی ہیں۔

بے لرگال ۔ BELLERGAL (ساختہ سینڈوز) ۲ ٹکیاں سفر پر روانہ ہونے سے قبل شام کو اور دو ٹکیاں سفر پر روانہ ہونے سے عین پہلے استعمال کریں۔

نوٹ ۔ شدید قے کی صورت میں پہلے نو لیں ایک ایمپول کا زیر جلد انجکشن کریں۔

بینے سین ۔ BENACINE (ساختہ پارک ڈیوس) سفر پر روانگی سے ایک یا نصف گھنٹہ پہلے ایک ٹکیہ کھلائیں۔ اس کے بعد سفر کے دوران میں ایک ٹکیہ

Marfat.com

دن میں تین بار دیں۔

کلوریٹون۔ CHLORETONE (ساختہ پارک ڈیوس)
۱ گرین دوا کھلائیں سفری قے کو روکنے کے لیے لاجواب ہے۔

کلوربیوٹے نول۔ CHLORBUTANOL (ساختہ مرک)
ایک کیپ شول کھلائیں۔

میریزین۔ MAREZINE۔ سفر شروع کرنے سے کوئی نصف گھنٹہ پہلے ایک ٹکیہ کھلائیں۔ ۳ یا ۴ گھنٹے بعد حسب ضرورت پھر ایک ٹکیہ کھلائیں۔

سیروکول۔ CEROCOL (ساختہ کوٹس اینڈ کوپر لمیٹڈ)
ایک ٹکیہ کھلائیں ہر قسم کی قے اور جی متلانے کو مفید ہے۔ ہر ٹکیہ میں ایک گرین سیریم اوگزلیٹ ہوتا ہے۔

چنبل۔ PSORIASIS یہ ایک ہٹیلا جلدی مرض ہے

ڈیروبن۔ DEROBIN (ساختہ گلیکسو) ڈائی تھرے نول۔ سیلی سیلک ایسڈ اور کول تار کا مرکب ہے۔ گاز پر لگا کر مقام ماؤف پر چسپاں کریں۔ متعدد جلدی امراض اور گنج کو مفید ہے۔

انتھرالین۔ ANTHRALIN (ساختہ ایبٹ) شروع میں ۱ فیصد طاقت کا مرہم یا کریم استعمال کریں۔ اور رفتہ رفتہ طاقت کو بڑھاتے جائیں۔

ہیگے نول۔ EKSA (ساختہ نول) یہ دوا مقام ماؤف پر ہر دوسرے یا تیسرے دن لگا کر خشک ہونے دیں۔ اس کا جزو موثرہ پائروگیلول ہے۔

ریاسول۔ RIASOL (ساختہ شیلو) مرکری، فینول اور کریسول کا یہ مرکب اکثر جلدی امراض کو مفید ہے۔ مقام ماؤف کو خوب صاف کر کے دن میں ایک بار یہ دوا لگا دیں۔ سات یا نو دن کا استعمال کافی ہوگا یہ دوا نگاہ

Marfat.com

منہ یا زخم پر نہ لگنے دیں۔

چھاتیوں میں دودھ کی کمی۔ DECREASE IN MILK SECRETION

بعض خاص اسباب کی بنا پر زچہ کی چھاتیوں میں اس قدر دودھ پیدا نہیں ہوتا۔ جس سے بچے کا پیٹ بھر سکے۔

پرولیکٹین۔ PROLACTIN ۔ ۴۰ تا ۱۰۰ یونٹ کا انجکشن لگائیں۔

لیکٹےگول۔ LACTAGOL (ساختہ ای ٹی پیرسن) ایک ڈرام دودھ میں ملا کر صبح و شام کھائیں۔ دودھ بڑھانے کی مشہور دوا ہے۔

فائزولیکٹین۔ PHYSOLACTIN (ساختہ ٹیلیکس) ۱۵ سی سی کی ایک بوتل بذریعہ انجکشن استعمال کرنے سے مدعا حاصل ہو جاتا ہے۔

چھوت دار کھجلی۔ SCABIES ۔ شدید تکلیف دہ جلدی امراض ہے۔

ٹیٹموسول سولیوشن: TETMOSOL SOLUTION (ساختہ امپیریل کیمیکل)

گرم پانی اور صابن سے غسل کر کے تمام کھرنڈ دور کر دیں۔ پھر جسم خشک کر کے چہرہ اور سر کے علاوہ دوا میں سہ گنا پانی شامل کر کے جلد پر لگائیں۔ اور خشک ہونے دیں۔ بعد میں کپڑے پہن لیں۔

سکیبی اول۔ SCABIOL (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہ بنزل بنزویٹ املشن کا تجارتی نام ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

مٹی گال۔ MITIGAL : یہ دراصل گندھک کا مرکب ہے۔ اسے روزانہ جسم پر ملنے سے خارش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

حمل کی قے: VOMITTING OF PREGNANCY

اپولومین: APOLOMINE (ساختہ ونتروپ) اٹروپین۔ بنزڈیکن۔ ہایوسین ہائیڈرو برومائیڈ اور وٹامن بی کمپلیکس کا یہ مرکب حاملہ کی قے کو نافع ہے دن

Marfat.com

میں زیادہ سے زیادہ تین بار ایک ایک ٹکیہ کھلائیں۔

**افلکز بی پلیکس:** FLIX - BEPLEX (ساختہ ای ایف ڈی) یہ مختلف حیاتین (ب - ب - پائری ڈوکسین) کا مرکب ہے۔ اسے دو چمچہ خرد کی مقدار میں دن میں چار بار پلانے سے حمل کے دوران متلی و قے کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

**بینا ڈون:** BENADON (ساختہ روشے) وٹامن ب کا تجارتی نام ہے۔ اس کے ایک امپول روزانہ عضلاتی انجکشن کرنے سے حاملہ کی متلی و قے کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ معمولی عوارض میں اتا ہم ٹکیہ براہ دہن کھلانا بھی کافی ہوا کرتا ہے۔ دردِ شقیقہ کو بھی مفید ہے۔

**فینرجن۔** PHENARJAN: یہ دافع حساسیت دوا ہے۔ ایک ٹکیہ شیریں دودھ سے کھائیں۔

**کلورے ٹون:** CHLORETONE (ساختہ پارک ڈیوس) ۳ گرین دوا ایک کیپ شول میں بھر کر صبح و شام کھلائیں۔

**لیو بے سین:** LYOBESIN (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم) وٹامن بی کمپلیکس اور وٹامن سی کمپلیکس کا یہ مرکب بذریعہ وریدی یا عضلاتی انجکشن استعمال کیا جاتا ہے۔

**نڈوکسی ٹال۔** NIDOXITAL (ساختہ اور محمو) یہ کیپ شول حاملہ کی قے کے لیئے مفید ہیں۔ اس کے اجزائے ترکیب پنٹو باربی ٹون سوڈیم - ہنر وکین میتھونین، پائری ڈوکسین اور نکوٹینا مائیڈ ہیں۔

**تپ وجع مفاصل:** RHEUMATIC FEVER: اس مرض میں بخار چڑھنے کے بعد جوڑ درما جاتے ہیں۔ اور ان میں درد ہوتا ہے۔

الگی پین بام: ALGIPAN BALM (ساختہ جان وائتھ) اس مرہم

کے مقامی استعمال سے عرق النساء۔ عضلاتی دردوں اور موچ وغیرہ کو فائدہ ہو جاتا ہے۔

ایس یو پی ۴۶۸ : S.U.P. 468 (ساختہ بی ڈی ایچ)
اس کا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے۔

انل جے سک بام : ANALGESIC BALM (ساختہ ایبٹ دلی)
اس بام کے بند ٹیوب ملتے ہیں۔ اسے مقامی طور پر دردناک جوڑوں پر ملا جاتا ہے۔

سیلی پائرن : SALIPYRIN (ساختہ ریڈل)
سیلی سلک ایسڈ اور انٹی پائرین کا یہ مرکب بصورت پوڈر و اقراص دستیاب ہوتا ہے۔ ۱۰ تا ۱۵ گرین نہار منہ پانی سے کھلائیں۔ یہ وجع عصب اور عسر الطمث کو بھی مفید ہے۔

نووالجین : NOVALGIN (ساختہ ہوسٹے) یہ دافع درد اور تشنج دوا امپولوں اور ٹکیوں کی صورت میں ملتی ہے۔ ۵ سی سی کا وریدی انجکشن دن میں دو بار کریں۔

حیض کی بندش : AMENORRHOEA : اس مرض کے متعدد اسباب ہیں جن میں کمئ خون۔ سل دق، فربہی۔ ذیابیطس شکری۔ رحم اور خصیۃ الرحم کے نقائص وغیرہ شامل ہیں۔

پروجی نون : PROGYNON (ساختہ شیرنگ) یہ دوا غدد کے افراز سے متعلق صورتوں میں تیار کی جاتی ہے۔ مثلاً

پروجی نون بی اولیوسم : PROGYNON.B.OLEOSUM
یہ ایسٹرا ڈیول کا بنزوئیٹ کا روغنی محلول ہے۔ جسے بذریعہ عضلاتی

Marfat.com

انجکشن استعمال کرایا جاتا ہے۔

پروجی نون سی ٹیبلٹس۔ PROGYNON C TAB یہ ایتھی نل ایسٹراڈیول کے اقراص ہیں جنہیں براہِ دہن استعمال کرایا جاتا ہے۔

ایسٹرون۔ ESTRONE (ساختہ شیرنگ) ۲ ہزار انٹرنیشنل یونٹ کی ایک سپازیٹری سونے سے قبل اندام نہانی میں رکھنے سے بندشِ حیض ثانوی کو فائدہ ہوتا ہے۔

حیض کی کمی: HYPOMENORRHOEA اس مرض میں حیض کم مقدار میں آیا کرتا ہے۔

ہارموٹون ٹی: HORMOTONE.T ایک تا دو ٹکیاں دن میں تین بار کھلانے سے بندشِ حیض، قلتِ حیض، دقتِ حیض اور سن یاس کے عوارض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ہر ٹکیہ میں تھائرائیڈ ۱/۲ گرین اور ایسٹروجنیک ہارمونز ایک ہزار انٹرنیشنل یونٹ ہوتا ہے۔

یومی نول: EUMENOL (ساختہ ای مرک) حیض کی آمد سے چند روز پہلے دو ٹکیہ دن میں تین بار کھلاتے رہیں۔

ڈائی منفورمون: DIMENFORMON (ساختہ آرگنے نون)

۱۰ ملی گرام دوا کا ہفتہ میں دو یا تین بار زیر جلد انجکشن کریں۔ اور اس کے ہمراہ منفورمون کی ایک ٹکیہ براہِ دہن کھلائیں۔

حیض کا تکلیف سے آنا: DYSMENORRHOEA

ارگو اپی اول: ERGO-APIOL (ساختہ مارٹن کمپنی) حیض کی آمد سے دو تین روز پہلے ایک کیپ شول کھلانا شروع کر دیں۔

ایڈری سَل: EDRISAL (ساختہ سملے اینڈ جمز) ایسپرین فینے سیٹین:

Marfat.com

اور بنزی ڈرین سے مرکب یہ ٹکیاں حیض کے درد کے ساتھ آنے کو مفید ہیں۔ حیض شروع ہوتے ہی دو ٹکیاں کھلائیں۔ اگر ضرورت ہو تو چار گھنٹے بعد دو مزید ٹکیاں کھلائیں۔ امراض قلب اور بے خوابی کے مریضوں کو ان کا استعمال منع ہے۔

ادوار ی ٹون: OVARITONE (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم) ایک تا دو چمچہ خورد دن میں تین بار پلائیں۔ یہ دوا مختلف کمپنیوں نے مختلف ناموں مثلاً اووسٹیب (بوٹس) اور لون (آرگے نون) وغیرہ سے تیار کر رکھی ہے۔

اڈس مینے: ADYSMENE (ساختہ سیگ) وقت حیض تشنج میں ایک ٹکیہ دن میں دو بار کھلائیں۔ ۴ ٹکیوں سے زائد استعمال نہ کرائیں۔

بیلر گال: BELLERGAL (ساختہ سینڈز) یہ دوا فینرجن، فینوباربی ٹون اور بیلے ڈولین کا مرکب ہے۔ یہ دوا وقت حیض کے علاوہ عصبی تھکن، سفری غثیان، پست ہمتی وغیرہ کو بھی مفید ہے۔ ایک ٹکیہ ہر تیسرے گھنٹے کھلائیں۔

فیمی: FEBJ (ساختہ لسبری) ایک ٹکیہ بغیر چبائے پانی کے ساتھ کھلائیں۔

لائیکوار سیڈنس: LIQ. SEDANS (ساختہ پارک ڈیوس) نصف سے ایک چمچہ خورد گرم پانی میں ملا کر دن میں تین چار بار پلائیں۔

یو مے نول: EU-MENOL (ساختہ ای مرک) حیض کی آمد سے دو تین روز پہلے ۲ ٹکیاں دن میں تین بار کھلائیں۔

ایلی ٹرس کارڈیل: ALETRIS CORDIAL (ساختہ ریو کیمیکل کمپنی)۔ ایک چمچہ خورد دن میں تین بار پلائیں۔

خارش: PRURITIS۔ یہ مرض مختلف اسباب سے رونما ہوا کرتا ہے۔ کبھی سارا جسم اس سے متاثر ہوا کرتا ہے۔ اور کبھی یہ کسی خاص عضو تک محدود ہو کر رہتی ہے۔

جکوتم ریٹنگ لنڈین انس تھیٹک: UNG. SENAHLANDIN. ANAES. THETIC

یہ مرہم مقام ماؤف پر ملنے سے خارش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

تھیفورین THEPHORIN ۵ فی صد کا مرہم مقامی طور پر لگائیں۔

ریسی نول آئنٹ منٹ: RESINOL OINT (ساختہ امریکہ) مقامی طور پر لگائیں۔

سائنوپین: SYNOPEN (ساختہ گیگی) شروع میں ۲۰ ملی گرام کا وریدی انجکشن کریں۔ اس کے بعد سائنوپین کی ایک ٹکیہ روزانہ کھلائیں۔

کریمیکل: CREMACAL (ساختہ نوٹرین کمپنی) یہ کیسے مین۔ نستول اور بنزوکین کا مرہم ہے۔ مقامی طور پر لگائیں۔

کولوپو: COLOPO (ساختہ بی ڈبلیو کار زک) ایک تا دو ٹکیاں روزانہ کھلائیں

یوریکس: EURAX (ساختہ گیگی) مقام ماؤف پر مالش کریں۔ ۲۰ گرام کے ٹیوب ملتے ہیں۔

خون تھوکنا: HAEMOPTYSIS اکثر سل کی وجہ سے اور گاہے حلق یا مسوڑھوں سے خون آیا کرتا ہے۔

الکزر ہیروئن ایٹ ٹرپن ہائیڈریٹ: ELIX. HEROIN ET TURPIN HYDRATE (ساختہ پارک ڈیوس)

نصف سے ایک ڈرام دن میں تین بار دیں۔ یا وٹامن کے کا انجکشن کریں۔

خون کے دباؤ کی کمی: HYPOTENSION

کارڈیازول: CARDIAZOL (ساختہ نول) ۲۰ قطرے پانی میں ملا کر دیں۔ اگر ضرورت محسوس کریں۔ ایک دو گھنٹے بعد دوبارہ دیں۔ شدید صورتوں میں ایک ملی لیٹر کا جلدی یا عضلاتی انجکشن ہر پندرہ یا تیس منٹ بعد کریں۔ یہ دوا پیٹازول کی جائی صورت ہے۔

Marfat.com

خون کے دباؤ کی زیادتی: HYPERTENSION۔ یہ مرض شرائین کی ساخت میں خرابی کے سبب ادھیڑ عمر میں لاحق ہوا کرتا ہے۔

ایسی ٹیل کولین: ACETYLCHOLINE (ساختہ بی ڈی اتچ) ایک ایمپول کا عضلاتی انجکشن کریں۔ اس کا اثر وقتی ہوا کرتا ہے۔

تھیو گارڈی نال: THEOGARDINAL (ساختہ مے اینڈ بیکر) ایک ٹکیہ دن میں دو یا تین بار کھلائیں۔ ہر ٹکیہ میں ۵ گرین تھیو برومین اور نصف گرین فینوباربی ٹون ہوتی ہے۔

روڈکسین: RAUDIXIN (ساختہ سکوئب) یہ قرص چھوٹی چندن کی جڑ سے تیار کی جاتی ہیں۔ دو یا دو سے زائد قرص دن میں دو بار صبح و شام کھلائیں۔ یہی دوا سرپینا SERPINA (ہمالیہ ڈرگ کمپنی) کے نام سے بھی بازار میں بکتی ہے۔

اپرے سولین: APRESOLINE (ساختہ سبا) ایک ٹکیہ کھلائیں۔ یہ دوا نہایت قوی اثرات کی حامل ہے۔

سرپاسل: SERPASIL (ساختہ سبا) اسے چھوٹی چندن کے جوہر موثرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ ۱ء گرام کی ٹکیہ دن میں تین بار کھلائیں۔ اور آہستہ آہستہ مقدار خوراک کم کرتے چلے جائیں۔

خونی قے: HAEMATEMESIS مختلف اسباب سے کبھی قے کے ساتھ کم و بیش خون آیا کرتا ہے۔

لکوی ڈراسٹ: LIQUIDRAST (ساختہ بائر) ۲۰ تا ۴۰ بوند پانی میں ملا کر دن میں تین یا چار بار پلائیں۔

ہیمو پلاسٹین: HAEMOPLASTIN دو سی سی کا زیر جلد انجکشن کریں۔

داد۔ RINGWORM یہ ایک مشہور جلدی مرض ہے۔ جس کے

Marfat.com

داغ مدور د گول، صورت میں ہوتے ہیں۔

پیورنٹول: PURANTOL (ساختہ جان وائتھ)

یہ دوا پاؤں کے داد کے لیئے خاص طور پر مفید ہے۔

کیپ رنگ ورم آئنٹ: (ساختہ کیمپ اینڈ کمپنی) مقامی طور پر لگائیں۔

ڈرماٹومائیکول: DERMATOMYCOL (ساختہ لبس شوئن کمپنی)

۱۰ سی سی کا عضلاتی انجکشن کرنے کے بعد ۳ سے ۵ روز کا وقفہ دے کر درجہ بدرجہ انجکشن لگائے جاتے ہیں۔ یہ دراصل پولی ویلنٹ ویکسین ہے۔

ٹے نیافیکس: TINEAFAX (ساختہ بروز ویلکم) مقام ماؤف کو دھو کر چھلکے اتار دیں۔ اور صبح و شام یہ مرہم لگائیں۔

پریگمیٹار: PRAGMATAR (ساختہ سملے اینڈ جیمز) یہ مرہم ٹیوبوں میں ملتا ہے۔ مقامی طور پر استعمال کریں۔ عمدہ فطر کش مرہم ہے

درد دل: وجع القلب ANGINA PECTORIS

یہ ایک نہایت ہی جان لیوا مرض ہے۔

مائی کارٹل: MYCARTAL (ساختہ ونتھروپ) یہ دوا دل کی باریک شریانوں کو پھیلاتی ہے۔ دو ٹکیاں صبح۔ دو پہر اور شام کو کھلائیں۔ اگر قے ہونے لگے۔ یا اختلاج القلب لاحق ہو جائے۔ تو دوا کا استعمال موقوف کر دیں۔

بیلاڈینال۔ BELLADENAL (ساختہ سینڈوز) شروع میں تین ٹکیاں کھلائیں۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ مقدار خوراک کم کر کے نصف ٹکیہ دن میں دو بار کھلائیں دورہ کو کم کرنے کے لیئے مفید ہیں۔

سیڈوفلین: SEDOPHYLIN (ساختہ سلاش) تھیوفلین سے پہلے دریں۔ ٹوٹینٹ ایسڈ اور فینوباربی ٹون کا یہ مرکب سمی اثرات سے خالی ہے۔ یہ خونما تقدم

Marfat.com

کے بیٹے نہایت موزوں دوا ہے۔

رونی کول: RONICOL (ساختہ روشے) یہ دوا شریانوں کی باریک شاخوں کو پھیلاتی ہے۔ اس کے اقراص اور انجکشن ملتے ہیں۔ ایک ٹکیہ سے دو ٹکیہ تک دن میں تین بار بعد از غذا کھلائیں۔ یا ایک امپول کا زیرِ جلد انجکشن کریں۔

کورامین ایڈے نوسین: CORAMINE ADENOSINE (ساختہ سبا) کورامین تھیوفلین اور ایڈے نوسین کا یہ مرکب براہِ دہن اور بذریعہ انجکشن مستعمل ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

کیلسیم ڈائی یورے ٹین: CALCIUM DIURETIN (ساختہ نول) ایک تا دو ٹکیہ دن میں تین بار غذا کے بعد پانی میں حل کر کے پلائیں۔ ہر ٹکیہ میں ۱۸ فی صد کیلسیم اور ۸۰ فی صد تھیو برومین ہوتی ہے۔ یہ درد دل صدمہ قلبی، تصلب شرائین اور سن یاس کے عوارض کو بھی مُفید ہے۔

سیڈی کوروڈل: SEDCORODIL (ساختہ میکس لیبارٹریز) ان ٹکیوں میں امینوفلین سپے ورین ہائیڈرو کلور اور فینے باربی ٹون ہوتا ہے۔ دو ٹکیاں غذا کے بعد تھوڑے پانی سے کھلائیں۔

تھیوبا: THIOBA (ساختہ بروز ڈیکم) ابتدا میں ۴ ٹکیاں پھر آہستہ آہستہ مقدار خوراک کم کر کے نصف ٹکیہ دن میں دو بار دیں۔

تھیو گارڈی نال: THIOGARDINAL (ساختہ مے اینڈ بیکر) حسب ہدایت استعمال کریں۔ یہ ٹکیاں ہائی بلڈ پریشر کو بھی مُفید ہیں۔

دردِ سر: HEADACHE یہ مرض نہیں بلکہ بعض دیگر امراض کی ایک علامت ہے۔

سونلجین: SONALGIN (ساختہ مے اینڈ بیکر) ایک ٹکیہ حسب ضرورت استعمال کریں۔

Marfat.com

ایسی ٹے دین: ACETIDINE (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم)
ایک ٹکیہ ہر تیسرے گھنٹے کھائیں۔ بچوں کو استعمال نہ کرائیں۔
سارِیڈون: SARIDON (ساختہ سوئٹزرلینڈ) ایک تا دو ٹکیاں کھلائیں۔
آپٹیلی ڈون: OPTALIDON (ساختہ سینڈوز) بغیر چبائے ایک ٹکیہ پانی سے نگل لیں۔ ایک دن میں چھ ٹکیوں سے زائد استعمال نہ کریں۔
کیفی الیسپرن: CAFIASPIRIN (ساختہ بائر) ایک ٹکیہ استعمال کریں۔
جینس پرن: JENASPRIN (ساختہ جانسن کمپنی) ایک ٹکیہ پانی سے کھائیں
اس کے علاوہ متعدد دافع درد ادویہ مثلاً اسپرو۔ کوڈپائرین۔ کوڈیپرین وغیرہ بازار میں بکتی ہیں۔ جن کی تعداد خوراک ایک تا دو ٹکیہ ہے۔ ان ٹکیوں میں اسپرین فینے سیٹین۔ کوڈین وغیرہ ہوتی ہے۔

دردِ گردہ: RENAL COLIC: مشہور مرض ہے۔ جس میں مریض ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہے۔
ڈی وِٹس کِڈنی اینڈ بلیڈر پلز (ساختہ سی ڈی وٹس اینڈ کمپنی) ایک گولی قبل از غذا صبح و شام کھلائیں۔ یہ گولیاں پتھری کو پیشاب کی راہ خارج کرتی ہیں۔
پیپے ٹروپن: PAPATROPIN (ساختہ سلٹن) ایک تا دو ٹکیاں دن میں تین بار کھلائیں۔ شدتِ مرض میں ایک ایمپول کا انجکشن کرنے کے بعد سیا نرٹری یا ٹکیاں استعمال کراتے رہیں۔

دردِ گلو: PHARYNGITIS: گلے میں کسی خراش چیز کے چلے جانے یا حلق حنجرہ وغیرہ میں ورم ہونے یا پیپ پڑنے سے درد ہوا کرتا ہے۔
ٹائرو زیٹس: TYROZETS (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم) ٹائرو تھری سین اور بنزوکین کا یہ مرکب درد کو سکون دینے کے لیے مفید ہے۔

Marfat.com

واٹس ٹیبلائڈ : WATS TABLOID (ساختہ بروز دیلکم)
ایک یا دو ٹکیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

میتھورال : METHURAL (ساختہ سیگ) ایک ٹکیہ ہر دو گھنٹے کے بعد منہ میں رکھ کر چوسیں۔ یہ ٹکیاں نزلہ وبائی سے حفظ ما تقدم کے لیئے بھی مستعمل ہیں۔

ٹیبلائیڈ پوٹاسی کلوراس ایٹ بوریکس ایٹ کوکین (ساختہ بی ڈبلیو اینڈ کمپنی)
ایک ٹکیہ دن میں دو بار چوسیں۔

دمہ : ASTHMA شدید تکلیف دہ مرض ہے۔ جس کے متعلق مشہور ہے۔ دمہ دم کے ساتھ جائے۔

اسوپرین : ISUPREN (ساختہ ونتھروپ) یہ دوا بطور لخلخہ مستعمل ہے۔ اس کی پندرہ سی سی والی شیشی کے ہمراہ دوا سونگھنے کا آلہ بھی ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے مرض کا دورہ رک جاتا ہے۔

ایسٹھمولائسین : ASTHMOLYSIN یہ دراصل پٹ یوٹرین اور ایڈرینالین کا مرکب ہے۔ ½ تا ایک سی سی کا عضلاتی انجکشن کریں۔

ایفےزون : EPHAZONE (ساختہ ایفےزون لمیٹڈ) ایک ٹکیہ دن میں ایک دو بار کھلائیں۔ اس کے استعمال سے قارورہ کا رنگ زرد ہو جاتا ہے۔

رڈوبرون : RIDDOBRON (ساختہ رڈل) اسے بذریعہ آلہ دوا پاشی (آٹومائیزر) استعمال کرتے ہیں۔ اس سے دورہ مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

زیفرول : ZEPHROL (ساختہ اینڈ بیکر) ایک چھوٹا چمچہ پانی ملائے بغیر ہر چوتھے گھنٹے پلائیں۔ یہ ایفی ڈرین کا خوشذائقہ شربت ہے۔

برونکی سین : BRONCHISAN (ساختہ سلٹن) دورہ مرض سے پہلے اس کے استعمال سے دورہ کی مدت میں کمی ہو جاتی ہے۔ دورہ ہونے والا ہو۔ تو

Marfat.com

دو ٹکیاں فوراً کھلائیں۔ بشرطِ ضرورت ۳۰ منٹ بعد دوبارہ دے سکتے ہیں۔ اس کا شربت بھی ملتا ہے۔ ایک چمچہ خورد دن میں تین بار پلائیں۔

اسپے سان: APASAN (ساختہ ہوشٹے) ایک امپول کے عضلاتی انجکشن سے عام طور پر شدید دورہ رک جاتا ہے۔ اس کی ٹکیاں بھی ملتی ہیں۔ ایک ٹکیہ رات کو کھلانے سے رات امن سے گذرتی ہے۔

ٹرائی سین: TRISAN (ساختہ ہومل) یہ دوا دمہ بلغمی کو خاص طور پر نافع ہے۔ ایک چمچہ میز دوا نصف گلاس پانی یا دودھ میں ملا کر پلائیں۔ دورۂ مرض سے نجات مل جائے گی۔ یہ دراصل باربی ٹون سوڈیم۔ کلورل ہائیڈریٹ الکوحل اور پوٹاشیم آئیوڈائیڈ کا مرکب ہے۔

کوسوم: COSOME (ساختہ مرک) جوانوں کو ایک چمچہ میز اور تین سال سے کم عمر کے بچوں کو نصف چمچہ خرد دوا دن میں تین بار پلائیں۔

الکزر ایفی ڈرین کمپونڈ: ELIX. EPHEDRIN CO (ساختہ پارک ڈیوس) ایک چمچہ خورد پانی میں ملا کر دن میں تین بار اور سونے سے قبل دیں۔

فرینول: FRANOL (ساختہ ونتھروپ) تھیوفلین۔ ایفی ڈرین اور فینو باربی ٹون کا یہ مرکب دمہ کے عوارض کو دور کرنے کے لیئے مفید ہے۔ دورہ کو روکنے کے لیئے ایک ٹکیہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ مستقل فائدہ کے لیئے عرصہ تک ایک ٹکیہ دن میں تین بار کھلائیں۔

نوری سوڈرین سلفیٹ: ORISODRINE SULPHATE: (ساختہ ایبٹ) یہ دوا منہ میں ان ہیلر کے ذریعہ چھڑکنے سے تنگی تنفس فوراً دور ہو جاتی ہے۔

کارڈیازول ایفی ڈرین: CARDIAZOL EPHEDRINE (ساختہ نول) یہ کارڈیازول اور ایفی ڈرین کا نہایت حسین امتزاج ہے۔ ۱۰ تا ۲۰ قطرے یا

Marfat.com

ایک ٹکیہ کھلانے سے دورہ رک جاتا ہے۔ شدید صورتوں میں ایک امپول کا زیر جلد یا عضلاتی انجکشن کریں۔

دمہ قلبی: CARDIAC ASTHMA یہ دراصل سقوط قلب کا پیش خیمہ ہوا کرتا ہے۔ اس کا حملہ رات کو ہوتا ہے۔ اور مریض کی جان پر بن جاتی ہے۔

ڈیجی فولین: DIGIFOLINE ۲ تا ۴ سی سی کا وریدی انجکشن کریں۔

سیڈی لانڈ: SEDILANID (ساختہ سینڈوز) دو سی سی کے ایک امپول کا ہر چھٹے گھنٹے وریدی انجکشن کریں۔ ۲۴ گھنٹوں میں ۸ سی سی سے زائد دوا استعمال نہ کریں۔

کارینا: CARENA (ساختہ کنٹی نینٹل لیبارٹریز) ۲۵ تا ۷۵ گرام کا وریدی انجکشن کریں۔

کارڈوفیلین: CARDOPHYLLIN (ساختہ ڈیفن) بھی اسی مقدار میں استعمال کی جاتی ہے۔ مریض کو کم از کم دو ہفتوں تک آرام کرنے کی ہدایت کریں۔

دوار ناشی: MENIERS DISEASE:

کان کے بعض امراض کے باعث مریض کو نوبتی طور پر چکر آتے ہیں۔

پروسٹگمین: PROSTIGMIN (ساختہ روشے) دو امپول کا عضلاتی انجکشن ہفتہ میں ایک بار لگائیں۔ اور پروسٹگمین کی ایک ٹکیہ دن میں تین بار کھلائیں۔

بلرگال: BELLARGAL (ساختہ سینڈوز) ایک ٹکیہ دن کو کھلائیں۔ اور رات کو کیتیسی بردنیٹ کی ایک ٹکیہ کھلائیں۔

رونی کول: RONICOL (ساختہ روشے) ایک یا دو ٹکیہ دن میں تین بار بعد از غذا کھلائیں۔ اور ایک امپول کا جلدی یا عضلاتی انجکشن کریں۔

ڈس پیپسیا: بدہضمی (DYSPEPSIA) مشہور مرض ہے۔

ٹاکاکومبکس: TAKA COMBEX (ساختہ پارک ڈیوس) دو چھوٹے چمچے دن

Marfat.com

میں تین بار غذا کے فوراً بعد دیں۔ یہ نشاستہ دار غذاؤں کے استعمال سے لاحق ہونے والی بدہضمی کو نافع ہے۔

الکزر ٹاکا ڈائس ٹیس: ELIX. TAKA DIASTAS (ساختہ پارک ڈیوس)
ایک چمچہ بھر دوا نصف چھوٹے گلاس پانی میں ملا کر غذا کے بعد گھونٹ گھونٹ پلائیں۔ نشاستہ دار اغذیہ سے لاحق ہونے والی بدہضمی کو مفید ہے۔

کومبی زائم: COMBIZYME (ساختہ بوہرنگر) ایک یا دو ٹکیاں غذا کے دوران پانی سے نگل لیں۔ ورم امعاء، سوء ہضم عفونتی وغیرہ کو مفید ہے۔

لیکوار ڈائس ٹوس: LIQ. DIASTOS (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم)
ایک چمچہ میز بھر دوا تھوڑے پانی میں ملا کر غذا کے بعد دن میں تین بار استعمال کریں۔ سوء ہضم نشی میں خاص طور پر نافع ہے۔

ذات الریہ: LOBAR PNEUMONIA. اس مرض میں پھیپھڑے متورم ہو جاتے ہیں۔ اور تیز بخار ہو جاتا ہے۔

اکروما ئی سین: ACHROMYCIN (ساختہ لیدرلی) یہ جراثیم افگن دوا قطرات، کیپ شول، سفوف اور ایمپول کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔ یہ مشترکہ سرایتوں کے لیئے بہت مفید ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

ٹیٹرا سائی سین۔ TETRACYN (ساختہ فیزر کمپنی) عام حالات میں ایک گرام اور شدت مرض میں ۲ گرام روزانہ ۳ یا ۴ خوراکوں میں تقسیم کر کے ہر چھٹے گھنٹے دیں۔ بچوں کو اس کے ڈراپس ۱۲ سے ۲۰ ملی گرام فی پونڈ جسمانی وزن کے حساب سے متفرق خوراکوں میں دیں۔

راج پھوڑا: CARBUNCLE۔ یہ مرض ادھیڑ عمر کے بعد گردن کی پشت پر ہوا کرتا ہے۔ اس میں سے سیاہی مائل چھیچھڑے سے نکلتے رہتے ہیں۔

Marfat.com

پروپی ڈیکس: PROPIDEX (ساختہ مے اینڈ بیکر) ٹکاف دیکر پالش کریں۔

میگنیز بوٹریٹ: MANGANESE BUTYRATE (ساختہ بی ڈی ایچ) پانچ سی سی کے ایک امپول کا عضلاتی انجکشن کریں۔

رعشہ مع فالج: PARKINSONISM.

یہ ایک اعصابی مرض ہے۔ جس کا سبب ورم دماغ ہوا کرتا ہے۔

بینے سین: BENACINE (ساختہ پارک ڈیوس) بنا ڈرل۔ ہایوسین۔ ہائیڈروبرومائیڈ کا یہ مرکب غثیان بحری کو بھی مفید ہے۔ ایک تا ۲ ٹکیاں ۴۔۴ گھنٹے بعد کھلائیں۔

پیسی ٹین: PACITANE (ساختہ لیڈرلی) شروع میں ۲ ملی گرام تین متفرق خوراکوں میں کھلائیں۔ اس کے بعد ۲ ملی گرام کا اضافہ کرتے جائیں۔ تا آنکہ مجموعی مقدار دس ملی گرام ہو جائے۔

کیمے ڈرین: KEMADRIN (ساختہ بروز ویلکم) ۵ سے ۲۰ ملی گرام کی مقدار میں دن میں تین بار دیں۔ یہ دراصل سائیکلی ڈین ہائیڈروکلورائیڈ ہے۔

روہے (ککرے) TRACHOMA۔ اس مرض میں اوپر کے پپوٹے کے اندر کی جانب چھوٹے چھوٹے سرخ دانے پیدا ہو جاتے ہیں جن میں خارش اور رڑک ہوتی ہے۔

تھیازامائڈ آئی آئنٹ منٹ:

THIAZAMID EYE OINT:

(ساختہ مے اینڈ بیکر) اسے مقامی طور پر ۵ یا ۷ روز کے لیئے لگائیں۔

البوسڈ آئی ڈراپس:

ALBUCID EYE DROPS:

دو تین قطرے ایک ایک گھنٹہ بعد آنکھوں میں ڈالیں۔ دو تین روز کا استعمال کافی ہوگا۔

کپرو آرجنٹک آئنٹ منٹ

CUPRO ARGENTIC OINT:

(ساختہ زمیلیٹی) مقامی طور پر آنکھوں میں لگائیں۔ پرانے ککروں کیلئے خاص طور پر مفید ہے۔

زخم دوالی: VARICOSE ULCERS۔ پنڈلی کی رگیں پھول کر نمایاں ہو جاتی ہیں۔ اور ان میں گرہیں پڑ کر زخم بن جاتے ہیں۔

Marfat.com

ایتھے مولن : ETHAMOLIN (ساختہ گلیکسو) ایک تا ہ سی سی کا ۲-۳ مقامات
ماؤف پر ایک ایک ہفتہ کے بعد انجکشن کریں۔ تا آنکہ شفائے کامل ہو جائے۔

ٹائیرو ڈرم : TYRODERM (ساختہ شارپ اینڈ ڈرم) اس مرہم کے ہر گرام
میں ۵ ملی گرام ٹائیرو تھری سین ہوتا ہے۔ مقامی طور پر دن میں ایک بار لگائیں۔

نیو ویری کین : NEO-VARICAN (ساختہ منے اینڈ بیکر)
ایتھے مولین کی طرح استعمال کریں۔ اس میں مونو ایتھے نو لے مین اولی ایٹ ۵ فیصد
اور بنزل الکوحل ۲ فی صد ہوتا ہے۔

زکام شدید : ACUTE CORYZA ایک جانا پہچانا مرض ہے۔

اینڈرین : ENDRINE (ساختہ جان وائتھ) اس دوا کا جزو موثرہ ایفی ڈرین
ہے۔ سر کو پیچھے جھکا کر ہر نتھنے میں دو تین قطرے ٹپکائیں۔

بینے لن : BENAYLIN (ساختہ پارک ڈیوس) امراض تنفس کی تکالیف کے
لیے عمدہ دوا ہے حسب ہدایت استعمال کریں۔

بنزی ڈرین : BENZEDRINE (ساختہ سمتھ کلائن اینڈ فرنچ) ناک کی بندش
کی صورت میں بطور لخلخہ دن میں ۲-۳ بار سونگھائیں۔

پرائی وین املشن : PRIVINE EMULSION (ساختہ سیبا)
پرائی وین اور سیبازول کا یہ مرکب ۹ ماہ سے کم عمر کے بچوں کو استعمال نہیں کرایا جاتا۔
ناک کو صاف کر کے ہر نتھنے میں چند قطرے دن میں دو تین بار ٹپکائیں۔

ویپکس وولے ٹول : VAPEX VOLATOL یہ وراوسے ہٹ ویپکس کا بنا ہوا چکنا
مرہم ہے سینہ کی جکڑن اور درد کی صورت میں اس کی مالش کی جاتی ہے

کیل ڈی سی : CAL-DE-CE (ساختہ وانڈر) دو ٹکیاں بعد غذا تھوڑے
پانی کے ساتھ کھلائیں۔ ان ٹکیوں میں کیلسیم فاسفیٹ کیلسیم لیکٹیٹ اور وٹامن ڈی اور

Marfat.com

سی ہوتا ہے۔

سلفیکس: SULFEX (ساختہ مئے اینڈ بیکر) اس دوا کا اثر ایفی ڈرین سے زیادہ دیر پا ہوتا ہے۔ سر کو جھکا کر ہر نتھنے میں چند قطرے دن میں چند بار ٹپکائیں۔ دوا کے استعمال کے بعد پانی پینے، ناک صاف کرنے وغیرہ سے بچیں۔

میتھے ڈرین ان ہیلر: METHEDRINE INHALER (ساختہ بروز ویلکم) یہ دوا انہیلر کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ ناک کے بھراؤ کو سکون دینے کیلئے مفید ہے۔

تھی فورین: THEPHORIN (ساختہ روشے) یہ دوا التہاب الانف حساسی کو نافع ہے۔ دو ٹکیہ ۳-۴ گھنٹوں کے وقفہ سے کھلائیں وٹامن سی ایک گرام صبح و شام کھلائیں۔ دو تین روز کا علاج کافی ہوگا۔

فینوکس: FENOX (ساختہ بوٹس)

سر کو پچھلی طرف جھکا کر نتھنے میں ۲ تا ۵ قطرے ٹپکائیں۔

زہریلا گلہڑ: THYROTOXICOSIS - یہ مرض غدہ درقیہ کے افرازات کی زیادتی کے سبب رونما ہوا کرتا ہے۔

ٹیبلٹ آف تھیوراسل: TAB. OF THIORACIL.

۳ گرین کی مقدار میں کھلائیں۔ ایک ماہ بعد مقدار خوراک گھٹا کر ۱/۲ گرین دو ماہ تک دیں آخر میں ۱/۴ گرین روزانہ مزید تین ماہ تک کھلا کر دوا بند کر دیں۔ یہ دوا کامل احتیاط سے استعمال کرائیں۔ ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔

سرطان معدہ: CARCINOMA OF STOMACH -

اس مرض میں معدے کے مقام پر بلا کا درد ہوتا ہے۔ قے آتی ہے۔ جس میں کنسر کے ٹکڑے خارج ہوتے ہیں۔ یہ مرض لاعلاج خیال کیا جاتا ہے۔

مکسچر ایپی سین کمپونڈ بسمتھ (ساختہ بوٹس) یہ مکسچر سرطان معدہ کے

Marfat.com

زخم۔ قے۔ بدہضمی وغیرہ کو بھی مفید ہے۔

سرطان غدۂ قدامیہ: PROSTATIC CARCINOMA

ٹیبلٹ ڈائی نسٹرول: TAB. DINOESTROL ۵ ملی گرام کی ایک ٹکیہ غذا کے بعد دن میں تین بار کھلائیں۔ یہ علاج عمر بھر رکھیں۔

سُرعتِ انزال: PREMATURE EJACULATION

اس مرض کا بڑا سبب جلق اور کثرتِ جماع ہوا کرتا ہے۔

اورہیپٹال: ORHEPTAL (ساختہ مرک)

وٹامن بی کمپلیکس اور ایکسٹریکٹ آئرن ٹنکچر اور کاپر سالٹس کا یہ خوش ذائقہ مرکب ہے چمچہ خورد دن میں تین بار دیں۔

انکریٹون: INCRETONE (ساختہ کارنرک)

ایک یا دو چھوٹے چمچے غذا سے قبل پلائیں۔ امراض انحطاط میں خاص طور پر مفید ہے۔

روچی ٹون: ROCHETONE (ساختہ سوئٹرزلینڈ)

ایک تا دو چھوٹے چمچے دن میں دو یا تین بار پلائیں۔

ٹونی سین اے: TONICINE A

سٹرکنیا سلفیٹ۔ سوڈیم گلیسرو فاسفیٹ اور تازہ خصیوں کا رُب انتہائی مقوی باہ ہے۔ دو چھوٹے چمچے غذا سے قبل استعمال کرائیں۔

جیکولن: JECULIN (ساختہ ایب جون) جب خون میں فولاد کی کمی ہو۔ ڈ چمچہ خورد یا ایک ٹیب سپون دن میں تین بار بعد از غذا دیں۔

بائی نن امارا: BYNIN AMARA (ساختہ ایلن اینڈ ہینبریز)

آئرن فاسفیٹ۔ کاپر سلفیٹ اور سٹرکنیا کا یہ مرکب ایک چمچہ میز کی مقدار میں دن میں دو بار بعد از غذا دیا جاتا ہے۔ کمزوری دور کرنے اور بھوک لگانے میں لاجواب ہے۔

Marfat.com

فاسفولیسی تھین : PHOSFO LECITHIN (ساختہ دامیوپل)

اس مشاتکسٹ کا ایک درمیانے سائز کا چمچہ دن میں تین بار قبل از غذا پلایا جاتا ہے۔

فیلوز کمپونڈ سیرپ : FELLOWS COMPOUND SYRUP

ایک چمچہ بھر دوا کسی قدر پانی میں ملا کر غذا سے پہلے پلائیں۔

کوکو وٹامن : COCO VITAMIN (ساختہ ملی)

یہ ایک غذائی دوا ہے جس میں وٹامن اے ڈی اور ب کے علاوہ مالٹ ایکسٹریکٹ بھی ہوتا ہے۔ ایک تا دو چمچہ میز دن میں تین بار غذا کے بعد دیں۔

سینے ٹوجن : SANATOGEN (ساختہ جرمنی)

اعصابی امراض کیلئے عمدہ ٹانک ہے۔ دو چھوٹے چمچے سفوف لیکر اس میں کسی قدر پانی ڈال کر تیز تیز ہلاتے جائیں۔ تا آنکہ گاڑھی لئی بن جائے۔ پھر اس میں مزید پانی یا دودھ ملا کر مریض کو پلائیں۔ دن میں دو بار غذا کے بعد پلانا کافی ہوگا۔

مائی سیبرین : MICEBRIN (ساختہ للی) حیاتین اور معدنیات کا یہ مرکب ضعف عامہ کو بہت مفید ہے۔ حسب ہدایت مریض ۱ تا ۲ قرص کھلائیں۔

ورڈی وٹون : VERDIVITON (ساختہ سکوئب) اس خوش ذائقہ ٹانک میں گلیسرو فاسفیٹس۔ وٹامن ب کے علاوہ الکوحل ۷ فی صد ہوتی ہے۔ جوان آدمی کو ایک چمچہ میز اور ایک چمچہ خرد تھوڑا پانی ملا کر دن میں تین بار دیں۔

نٹروفیبرول : NUTROFEBROL (ساختہ ونتھروپ)

لورا ایکسٹریکٹ۔ وٹامن ب۔ فیری ایٹ امونیا سائٹراس۔ مالٹ ایکسٹریکٹ وغیرہ کا مرکب ہے۔ ضعف عامہ قلت اشتہا۔ اور قلت الدم ثانوی کو مفید ہے۔ جوانوں کو ایک چمچہ میز اور بچوں کو ایک چمچہ خرد دن میں دو تین بار بعد از غذا دیں۔

کیلسیم سیرپ : CALCIUM SYR (ساختہ) کیلسیم اور مختلف

Marfat.com

حیاتین کا یہ مرکب ہڈیوں اور اعصاب کو تقویت دینے کیلئے مفید ہے۔ ایک چھوٹا چمچہ صبح و شام پلائیں۔

**کھانسی: (کھانسی) COUGH :- یہ کوئی مرض نہیں۔ بلکہ درحقیقت علامت مرض ہے**

اپی سنڈرین IPESANDRINE (ساختہ سینڈوز)

اپی کے کوانٹا یعنی ڈرین اور افیون کا مرکب ہے۔ جیسے جوانوں کو ایک ٹیبل سپون دن میں ۳-۴ بار اور ۲ سال تک کے بچوں کو نصف تا ایک چمچہ خورد کی مقدار میں پلاتے ہیں۔

ٹاؤرل TAORYL (ساختہ گیگی) کھانسی کے لیئے نہایت عمدہ دوا ہے۔ حسب ضرورت مریض استعمال کرائیں۔ بچوں کو بھی دی جاسکتی ہے۔

ٹائی کارڈا TICARDA (ساختہ ہوشٹ)

یہ دوا تشنجی کھانسی کیلئے خاص طور پر مفید ہے۔ بالغوں کو ۱۵ قطرات یا ایک ٹکیہ اور چھوٹے بچوں کو ۵ سے ۱۰ قطرات حسب عمر دیں۔ ایک ٹکیہ کی طاقت ۱۵ قطرات کے برابر ہوتی ہے۔

سیڈے ٹول: SEDATOLE (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم)

نزلاوی کھانسی میں ایک چھوٹا چمچہ دن میں دو تین بار کھلائیں۔

فائی سیپٹون لنکٹس: PHYSEPTONE LINCTUS (ساختہ برو ز ویلکم)

یہ خوش ذائقہ جوشیلی شدید کھانسی کو مفید ہے۔ ایک چمچہ خورد ہر چھ گھنٹے چٹائیں۔ بچوں کو حسب عمر سادہ شربت میں ملا کر چٹائیں۔

واٹربری کمپونڈ: WATERBURY COMP

ایک تا چار چمچہ خورد دن میں تین بار پلائیں۔

وٹمول کمپونڈ: VITMOL. COMP (ساختہ شارپ اینڈ ڈوم)

کریا زوٹ۔ کاڈ لور آئل۔ گلسرین تھائیم کول۔ اور ہائپو فاسفائٹس کا یہ مرکب جوانوں کو دو تا

Marfat.com

چار چمچہ خرد اور بچوں کو ایک تا دو چمچہ خرد قبل از غذا دن میں تین بار دیں۔

سیرولین : SIROLIN (ساختہ روشے)

ایک تا دو چمچہ خرد دن میں تین بار دیں۔ سل کی کھانسی کو مفید ہے۔

گریمالٹ سیرپ : GRIMAULTS SYRUP (ساختہ فرانس)

دو ڈرام کی مقدار میں صبح و شام پلائیں۔

گلائی کو ہیروئن : GLYCO-HEROIN (ساختہ سمتھ)

جوان آدمی کو ایک چمچہ خرد دن میں تین چار بار دیں۔ چھوٹے بچوں کو نہ دیں۔ ان کے علاوہ متعدد مرکبات مثلاً سیڈولون۔ کوسوم (مرک) سیرپ کو سیلینا کمپونڈ (پارک ڈیوس) ہکٹورل (ویشرنگ) بازار میں ملتے ہیں حسب ہدایت استعمال کریں۔

سل دق : TUBERCULOSIS

یہ نہ کوئی مرض ہے۔ اور نہ علامت مرض ہے۔ اصل حقیقت کو جاننے کے لیئے شمس الاطبا حکیم غلام نبی صاحب ایم اے کا معرکۃ الارا مضمون "سل دق کوئی مرض نہیں" مطالعہ فرمائیں :-

پائیکا مے سن : PYCAMISAN (ساختہ ہرسٹ)

پی اے ایس اور ہائیڈرا زائیڈ کا لطیف مرکب ہے۔ جو کیپسولوں میں بند کر کے فروخت کیا جاتا ہے۔ ۱۔ ایک دو دانہ صبح۔ دوپہر شام پانی سے نگل لیں۔

تھیرا پاس : THERAPAS (ساختہ ہرسٹ)

اس دوا کو بھی پی۔ اے۔ ایس ہی سے حاصل کیا گیا ہے۔ اس کے استعمال سے متلی اور قے نہیں ہوتی۔ ۵ء۷ گرام کی پڑیاں مارکیٹ میں ملتی ہیں۔ ۲ پڑیاں روزانہ کھلائیں۔

ڈائی کرسٹی سین : DICRYSTICIN (ساختہ سکوئب)

آب مقطر میں ملا کر انجکشن لگائیں۔

ایس آر ڈی S.R.D. (ساختہ پارک ڈیوس) پینی سیلین اور ڈی ہائیڈرو سٹرپٹو مائی سین کا مرکب ہے اسی سی ڈسٹلڈ واٹر شامل کر کے بذریعہ عضلاتی انجکشن استعمال کرایا جاتا ہے۔

سٹرپٹو پاس : STREPTOPAS (ساختہ لیپی ٹٹ) اس میں ڈائی ہائیڈرو مائی سین ۷۵ فی صد اور پی اے ایس ۶۸ فی صد ہوتا ہے۔ جوان آدمی کو نصف گرام کا ہر روز عضلاتی انجکشن کریں۔ اسے بذریعہ وریدی یا نخاعی انجکشن بھی استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

سپیمے مائی سین : SPEMYCINE (ساختہ سپیشیا)
بذریعہ عضلاتی انجکشن استعمال کرائیں۔

کم بائیوٹک : CUM BIOTIC (ساختہ فائزر) سل دق کے ثانوی تعدیہ کو دور کرنے کے لیئے یہ دوا تیار کی گئی ہے۔ اس میں سٹرپٹو مائی سین، پینی سیلین اور ڈائی ہائیڈرو سٹرپٹو مائی سین شامل ہیں۔ یہ دوا مہنگی ہونے کے علاوہ متعدد خطرات کی حامل ہے۔ اس لیئے سل دق کے مریضوں کے لیئے مناسب نہیں۔

سن یاس : MENOPAUSAL SYNDROME

پینتالیس یا پچاس برس کی عمر کے بعد عورتوں میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔ چنانچہ انقطاع حیض کے سبب مختلف عوارض پیدا ہو جاتے ہیں جنہیں سن یاس کے عوارض کہتے ہیں۔

اوو سائیکلین : OVOCYCLIN (ساختہ سبا)
ایک تا پانچ ملی گرام کا عضلاتی انجکشن ہفتہ میں ایک بار لگائیں۔

ایٹی سائیکلین : ETICYCLIN (ساختہ سبا)
یہ دراصل ایتھی نل ایسٹراڈیول ہے۔ ایک ایک ٹکیہ دن میں دو بار چوسیں۔

تھیلین - THEELIN (ساختہ پارک ڈیوس)
یہ ایسٹرون کا روغنی محلول ہے۔ ایک ایمپول کا جلدی یا عضلاتی انجکشن کریں۔

پرولی مین : PROLIMAN (ساختہ سبا) بعض مسکن اور دافع بخار ادویہ میں

Marfat.com

اور وارین ایکسٹریکٹ ملا کر تیار کرتے ہیں۔ دو ٹکیاں روزانہ کھلائیں۔

**پوسنڈرل گلوسیٹس : PAUSANDRYL GLOSSETES** (ساختہ رسل لیبارٹریز) ایتھی سٹیرون۔ ایتھنی نل۔ ایسٹراڈیول وغیرہ کا یہ مرکب سن یاس کے اکثر عوارض کو مفید ہے۔ ایک ٹکیہ زبان کے نیچے رکھ کر چوسیں۔

**ڈیوٹ ایسٹرو مینین : DEPOT OESTROMENINE** (ساختہ مرک) ۲ سی سی کا عضلاتی انجکشن کریں۔ دو انجکشنوں کا اثر ۳۔۴ ماہ تک قائم رہتا ہے۔ اس کے بعد بشرط ضرورت پھر دوا استعمال کرائیں۔

**فیمنڈرن : FEMANDREN** (ساختہ سبا) یہ دوا ایتھی نل ایسٹراڈیول اور میتھل ٹسٹوسٹیرون کا مرکب ہے۔ ٹکیاں روزانہ منہ میں رکھ کر آہستہ آہستہ حل ہونے دیں۔

**لائنورل : LYNORAL** (ساختہ آرگے نون) اسے قدرتی ایسٹروجینک ہارمون سے حاصل کیا جاتا ہے۔ شروع میں ۰۱۔ تا ۰۵۔ ملی گرام روزانہ بعد ازاں ۰۱۔ ملی گرام ہر تیسرے دن کھلائیں۔

**مکسوجن : MIXOGEN** (ساختہ آرگے نن)
ایک تا دو ٹکیاں روزانہ پانی سے کھلائیں۔

**میپی لن : MEPILIN** (ساختہ بی ڈی ایچ) دو تا چار ٹکیاں روزانہ کھلائیں۔ یہ ایتھی نل ایسٹراڈیول اور میتھل ٹسٹوسٹیرون کا مرکب ہے۔

**سنگ گردہ : RENAL CALCULUS** گردے کی پتھری عام طور پر تین قسم کی ہوا کرتی ہے۔ ۱۔ میگنیشیم فاسفیٹ۔ یہ پتھری ملائم اور بیضوی شکل کی ہوتی ہے۔ اس کا رنگ سفید یا زرد ہوا کرتا ہے۔ ۲۔ کیلسیم آگزلیٹ۔ یہ پتھری سیاہ یا خاردار ہوتی ہے۔ اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ ۳۔ یورک ایسڈ کی پتھری سخت اور بھورے سرخی مائل رنگ کی ہوتی ہے۔

Marfat.com

سال وٹی : SALVITAE (ساختہ امریکہ) یہ جوش کھانے والا مرکب ہے۔
ایک چھوٹا چمچہ گلاس بھر پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار پئیں۔

اینٹا گرا : ANTAGRA ، یہ دوا یورک ایسڈ کو تحلیل کرتی ہے۔ حسب ہدایت استعمال کریں۔

کروشن سالٹ : KRUSCHEN SALT
ایک چھوٹا چمچہ پانی میں ملا کر ہر روز صبح کو پلائیں۔

سوزاک : GONORRHOEA : اس نامراد مرض میں پیشاب کی نالی میں زخم ہو جاتے ہیں۔

سنگل مڈی : SANTAL MIDY (ساختہ میسور) ایک کیپسول دن میں تین بار دیں۔

ٹیبلائیڈ پنسلین : PENICILLIN (ساختہ بروز ویلکم) دو طاقت کی ٹکیاں دستیاب ہوتی ہیں۔ ایک کی طاقت ۵ ہزار اور دوسری کی ایک لاکھ یونٹ ہوتی ہے جسب ہدایت استعمال کریں۔ سلفا تھیازول اور سلفاڈائیازین عمدہ اور موثر دوائیں ہیں۔

سوزش دہن : STOMATITIS

